Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
ملتان
اسلام آباد
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 ہفتہ 02 نومبر 2024ء 29 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 15 روپے شمارہ 62

جب کسی ملک کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں ججز کی تعداد بڑھادی جاتی ہے کیونکہ مرضی کے فیصلے نہیں آرہے ہوتے، حکومت کیا کرنا چاہ رہی ہے، سینیٹر حامد خان

سینیٹ قائمہ کمیٹی

سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 25 کرنے کی منظوری

پی ٹی آئی جے یو آئی کی مخالفت

سینیٹر شہادت اعوان کا کہنا تھا کہ ججز کی تعداد کو کم از کم 21 کرنا چاہیے، نئے چیف جسٹس سب کی پسند سے آئے ہیں ان کو دو تین ماہ دینے چاہئیں۔ یہ ساری ہلچل نئے چیف جسٹس کو لانے کے لیے ہی تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کی جانب سے سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 25 کرنے کی منظوری دیدی گئی۔ چیئرمین کمیٹی کے مطابق 25 ججز میں ایک چیف جسٹس اور 24 ججز شامل ہوں گے۔ اس موقع پر سینیٹر حامد خان اور سینیٹر کامران مرتضیٰ نے (باقی صفحہ بقیہ نمبر1)

اسلام آباد: قائم مقام صدر پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ملاقات کر رہے ہیں۔

بشریٰ بی بی دانتوں کے معائنے کے بعد واپس زمان پارک پہنچ گئیں

بشریٰ بی بی کو مسوڑھوں کا درد لاحق ہے، دورانِ قید بھی انھیں دانتوں کے درد کی شکایت رہتی تھی

لاہور (خبر نگار) بانی پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی جوہر ٹاؤن لاہور میں دانتوں کے معائنے کے بعد واپس زمان پارک پہنچ گئیں۔ بشریٰ بی بی رات تقریباً 8 بجے زمان پارک سے (باقی صفحہ بقیہ نمبر2)

قطر پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا، وزیر اطلاعات عطا تارڑ

سعودی فاسٹ فوڈ چین البیک※ پاکستان آرہی ہے، خیبر پختونخوا کے غیر سنجیدہ وزیراعلیٰ کو کسی چیز کی بالکل پروا نہیں، وزیر اطلاعات

وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب انتہائی کامیاب رہا، وزیراعظم کی سعودی عرب کی قیادت سے ملاقاتیں انتہائی سودمند ثابت ہوئی ہیں، پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطااللہ تارڑ نے وزیراعظم کے دورہ سعودیہ اور قطر کو کامیاب قرار دیتے ہوئے کہا کہ قطر نے بھی پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے پر رضا مندی ظاہر کی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے عطااللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کا دورہ سعودی عرب انتہائی کامیاب رہا، وزیر اعظم (باقی صفحہ بقیہ نمبر3)

پاک امریکا پارٹنر شپ خطے کی ترقی وامن کیلئے اہم ہے: مریم نواز

مریم نواز سے یو ایس ایڈ مشن ڈائریکٹر نے ملاقات کی جس میں امریکی قونصل جنرل اور یو ایس ایڈ پنجاب چیپٹر کی نمائندہ بھی موجود تھیں۔

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، پاک امریکا تعلقات کے فروغ اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پاک امریکا پارٹنرشپ خطے کی ترقی اور امن وامان کے لیے اہمیت کی حامل ہے۔ مریم نواز سے یو ایس ایڈ مشن ڈائریکٹر نے ملاقات کی جس میں امریکی قونصل جنرل اور یو ایس ایڈ پنجاب چیپٹر کی نمائندہ بھی موجود تھیں۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، پاک امریکا تعلقات کے فروغ اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے (باقی صفحہ بقیہ نمبر4)

ریموٹ کنٹرول دھما کا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب تھا' جاں بحق افراد میں 5 بچے، 1 پولیس اہلکار اور 1 راہ گیر شامل

مستونگ بم دھماکہ

سکول پر بچوں سمیت 7 افراد جاں بحق

سکول پر دھما کا تعلیم دشمنی دہشتگرد قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتے' وزیراعظم

مستونگ میں اسکول کے قریب دھماکا میں 30 زخمی, جبکہ زخمیوں میں بھی زیادہ تر اسکول کے بچے شامل ہیں، مل جل کر ہی دہشت گردی کے عفریت کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے' وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی

دہشتگرد عناصر انسانیت کے دشمن ہیں، قوم سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، قائم مقام صدر یوسف رضا، معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے رعایت کے مستحق نہیں، محسن نقوی

مستونگ (خبر نگار) مستونگ میں گرلز ہائی اسکول سول اسپتال چوک پر بم دھماکا (باقی صفحہ بقیہ نمبر12)

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ مستونگ میں (باقی صفحہ بقیہ نمبر11)

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین سے ایرانی قونصل جنرل ملاقات کر رہے ہیں۔

رواں سال کے پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کیلئے 130 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں، احسن اقبال

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ پی ایس ڈی پی (باقی صفحہ بقیہ نمبر10)

زرعی ترقیاتی بینک میں میرٹ اور شفافیت پر بھرتیاں کی جاتی ہیں، علی پرویز ملک

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر مملکت خزانہ برائے خزانہ علی پرویز ملک نے کہا ہے کہ زرعی ترقیاتی بینک میں میرٹ اور شفافیت پر (باقی صفحہ بقیہ نمبر9)

عمران خان کی نااہلی کیخلاف درخواست پر الیکشن کمیشن کو جواب جمع کرانے کی مہلت

لاہور (خبر نگار) لاہور ہائی کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 5 سال نااہلی کے خلاف درخواست پر الیکشن کمیشن کو (باقی صفحہ بقیہ نمبر6)

امریکی سفارتخانے کے وفد کی اڈیالہ جیل آمد، 3 قیدیوں سے ملاقات

راولپنڈی (خبر نگار) امریکی سفارتخانے کے وفد نے اڈیالہ جیل میں قید 3 ملزمان سے ملاقات کی۔ جیل ذرائع کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ نمبر5)

لاہور: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

آئی ایم ایف نے معاشی اشاریوں پر اپنی پیشگوئیوں پر نظر ثانی کرلی

مالی سال 25-2024 کے لیے افراط زر کا تخمینہ 12.7 فیصد سے کم کر کے 9.5 فیصد کردیا گیا

اسلام آباد (خبر نگار) عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) نے معاشی اشاریوں پر اپنی پیش گوئیوں پر نظر ثانی کرلی۔ وزارت خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا (باقی صفحہ بقیہ نمبر7)

پنجاب میں سی ایم پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم لانچ کردی گئی

نواز شریف کی تجویز پر پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت ٹریکٹروں کی تعداد بھی 10 ہزار بڑھا دی گئی

لاہور (خبر نگار) ملک کے سب سے بڑے صوبے پنجاب میں سی ایم پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم لانچ کردی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کاشتکاروں کے لیے صوبائی حکومت کے پیکج کے تحت گرین ٹریکٹر اسکیم لانچ کی ہے۔ چند ماہ قبل وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کاشتکاروں کے لیے (باقی صفحہ بقیہ نمبر8)

سکیورٹی فورسز کو کسی بھی فرد کو گرفتار کرنے کے اختیارات دینے کا فیصلہ

وفاقی وزیر پارلیمانی امور اعظم نذیر تارڑ نے انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 میں ترمیم کا بل قومی اسمبلی میں پیش کردیا، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے انسداد دہشتگری ترمیمی بل کو قائمہ کمیٹی کے حوالے کردیا

ترمیمی بل کے مطابق آرمڈ، سول آرمڈ فورسز کو دہشتگرد سرگرمیوں میں ملوث فرد کو گرفتار کرنے کا اختیار دیا جائے گا، دہشتگرد سرگرمیوں میں ملوث شخص کو تین ماہ کی تحویل میں لیا جاسکے گا

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے سکیورٹی تھریٹس سے نمٹنے کے لئے بڑا فیصلہ کر لیا۔ سکیورٹی فورسز کو دہشت گردی میں ملوث کسی بھی فرد کو گرفتار کرنے کے اختیارات دینے کے لئے قانون سازی کا آغاز کر دیا گیا۔ وفاقی وزیر پارلیمانی امور اعظم نذیر تارڑ نے انسداد دہشتگردی ایکٹ 1997 میں ترمیم کا بل قومی اسمبلی میں پیش کردیا، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے انسداد (باقی صفحہ بقیہ نمبر13)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سینیٹ حال میں اسلحہ لے جانے کا کیس، بی این پی کے دو رہنما جوڈیشل ریمانڈ پر جیل روانہ

اسلام آباد (خبر نگار) انسداد دہشتگردی عدالت نے سینیٹ حال میں اسلحہ لے جانے کے کیس میں بی این پی مینگل کے (باقی صفحہ بقیہ نمبر25)

عمران خان کے کمرے کی بجلی 5 دن تک بند رہی، سجدے کی جگہ بھی نظر نہیں آتی تھی، علی محمد کا دعویٰ

اسلام آباد (خبر نگار) پی ٹی آئی رہنما علی محمد خان نے دعویٰ کیا ہے کہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کے کمرے کی بجلی 5 (باقی صفحہ بقیہ نمبر26)

اسلام آباد: وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

لاہور، انسدادِ اسموگ کارروائیوں میں تیزی، دورانِ مہم 197 مقدمات درج

فصلوں کی باقیات جلانے پر 17 مقدمات درج ہوئے' پولیس نے 17 ملزمان گرفتار کرلیا

لاہور (خبر نگار) لاہور پولیس کی انسدادِ اسموگ کارروائیوں میں تیزی آگئی، انسداد اسموگ مہم کے دوران 197 مقدمات درج ہوئے جبکہ 209 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ذرائع کے مطابق فیول، تارکول اور کاربن بورڈ جلانے پر 8 مقدمات درج کر کے ملزمان گرفتار کیے (باقی صفحہ بقیہ نمبر14)

تبلیغی اجتماع کی جھلکیاں، شرکاء کی تعداد 3 لاکھ سے متجاوز

رائے ونڈ (این این آئی) رائے ونڈ عالمی تبلیغی اجتماع میں شرکاء کی تعداد 3 لاکھ سے تجاوز کر گئی، ریلوے پولیس کی جانب سے (باقی صفحہ بقیہ نمبر15)

جماعت اسلامی کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ

خام تیل کی قیمت 67 ڈالر فی بیرل سے بھی نیچے آگئی، حکومت پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 30 روپے تک کمی کرے

پیٹرولیم لیوی کی مد میں 60 روپے فی لیٹر اضافی ٹیکس ناجائز ہے، اس ٹیکس کے خاتمے سے معاشی سرگرمی بڑھی گی۔

کراچی (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا مطالبہ کردیا۔ حافظ نعیم الرحمان نے ایک بیان میں کہا کہ عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمت 67 ڈالر فی بیرل سے بھی نیچے آگئی، حکومت پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 30 روپے تک کمی کرے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ پیٹرولیم لیوی کی مد میں 60 روپے فی لیٹر اضافی ٹیکس ناجائز ہے، اس ٹیکس کے خاتمے سے معاشی سرگرمی بڑھی گی (باقی صفحہ بقیہ نمبر16)

سندھ میں جعلی نمبر پلیٹ اور کالے شیشوں والی گاڑیوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

کمیونٹی سرویلنس بڑھانے کے لیے محلے کی سطح پر کمیونٹی واچ گروپ بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا

کراچی (خبر نگار) سندھ حکومت نے جعلی نمبر پلیٹ، کالے شیشوں والی گاڑیوں اور اسلحے کی نمائش کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف (باقی صفحہ بقیہ نمبر17)

انجینئر امیر مقام کی گلگت بلتستان کے عوام کو 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر مبارکباد

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان، سفیران انجینئر (باقی صفحہ بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر کھیل امور پنجاب فیصل ایوب کھوکھر "کھیلتا پنجاب گیمز" کا افتتاح کر رہے ہیں۔

وزیراعظم سے کیو بی اے وفد کی ملاقات، تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے پر تبادلہ خیال

شہباز شریف نے قطری کاروباری رہنماؤں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی باضابطہ دعوت دی

دوحہ (خبر نگار) وزیر اعظم شہباز شریف سے قطر بزنس مین ایسوسی ایشن (کیو بی اے) کے وفد نے ملاقات کی جس میں اقتصادی تعلقات کو مزید گہرا کرنے اور تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شیخ فیصل بن قاسم الثانی کی سربراہی میں قطر بزنس مین ایسوسی ایشن (باقی صفحہ بقیہ نمبر24)

اسلام آباد میں پکڑے گئے ریسکیو اہلکاروں کی رہائی کے بعد علی امین گنڈاپور سے ملاقات

گل پاشی کی گئی، ریسکیو اہلکاروں کو ون اسٹیپ پروموشن اور ایک ماہ کی تنخواہ دینے کا اعلان

پشاور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے ڈی چوک اسلام آباد میں احتجاج کے دوران پکڑے گئے ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا کے اہلکاروں کی رہائی کے بعد انہیں سی ایم ہاؤس بلا لیا۔ وزیر اعلیٰ نے ریسکیو اہلکاروں کا استقبال کیا، ان پر گل پاشی کی اور رہا ہونے والے ریسکیو اہلکاروں (باقی صفحہ بقیہ نمبر23)

بارووے اوورسیز پاکستانی کرکٹر سرفراز صاحبہ اور شمشیر گل کی جانب سے کرکٹ کو فروغ دینے کیلئے منعقدہ تقریب کے شرکا کا گروپ فوٹو

وزیراعظم کا صدر مملکت کو فون، خیریت دریافت کی

وزیراعظم نے صدر مملکت کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت آصف علی زرداری کو ٹیلیفون کر کے پاؤں میں فریکچر پر ان کی خیریت دریافت کی۔ وزیراعظم نے صدر مملکت کی جلد صحت یابی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ واضح رہے کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری کے پاو※ں میں دبئی ایئر پورٹ پر جہاز سے اترتے ہوئے فریکچر ہوگیا۔ ایوان صدر کے مطابق اس موقع پر صدر آصف علی زرداری (باقی صفحہ بقیہ نمبر22)

توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت پر اعتراضات دور

اسلام آباد ہائیکورٹ رجسٹرار آفس کو پیر کو کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کردی

اسلام آباد (خبر نگار) اسلام آباد ہائی کورٹ نے توشہ خانہ ٹو کیس میں بانی پی ٹی آئی کی درخواست ضمانت پر اعتراضات دور کر دیئے۔ رجسٹرار آفس کو پیر کو کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کردی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کیس کی سماعت (باقی صفحہ بقیہ نمبر21)

ڈسٹرکٹ جیل اٹک سے خیبر پختونخوا کے 86 قیدی رہا

رہا کیے گئے قیدیوں میں پی ٹی آئی کے 2 ایم پی ایز انور زیب اور لیاقت خان بھی شامل

اٹک (خبر نگار) ڈسٹرکٹ جیل اٹک سے عدالتی حکم پر خیبر پختونخوا کے 86 قیدی رہا کردیے گئے۔ رہا کیے گئے قیدیوں میں پی ٹی آئی کے 2 ایم پی ایز انور زیب اور لیاقت خان بھی شامل ہیں، رہا قیدیوں کا تعلق خیبر پختونخوا کے سرکاری محکموں سے ہے۔ رہائی پانے والوں میں ریسکیو (باقی صفحہ بقیہ نمبر20)

میر پور خاص، جتماعی زیادتی کے بعد لڑکی ہلاک، ماں سمیت 6 ملزمان گرفتار

ماں نے پیسوں کے لیے اپنی بیٹی کو ملزمان کے حوالے کیا تھا

میر پور خاص (خبر نگار) میر پور خاص میں اجتماعی زیادتی کے بعد 13 سالہ لڑکی کی ہلاکت کی تحقیقات میں دلخراش انکشاف ہوا ہے۔ ماں سمیت 6 افراد گرفتار کرلیے۔ پولیس کے مطابق ماں نے پیسوں کے لیے اپنی بیٹی کو ملزمان کے حوالے کیا تھا۔ پولیس نے لڑکی کی ماں سمیت 6 ملزمان (باقی صفحہ بقیہ نمبر19)

پاکستان کو مستقبل کی سوچ رکھنے والی قوم کے طور پر عالمی سطح پر اجاگر کرنا ہوگا، یوسف رضا گیلانی

قائم مقام صدر کا پاکستان میں گورننس بہتر بنانے کے لیے بین الاقوامی معیار اپنانیکی ضرورت پر زور

گورننس میں بہتری کیلئے جدت اور جدید ترین ٹیکنالوجی کے استعمال کی ضرورت ہے، قائمقام صدر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کراچی کے 36 ویں سینئر مینجمنٹ کورس کے شرکاء کی ایوانِ صدر میں ملاقات قائم مقام صدر کا پاکستان میں گورننس بہتر بنانے کے لیے بین الاقوامی معیار اپنانیکی ضرورت پر زور گورننس میں بہتری کیلئے جدت اور جدید ترین ٹیکنالوجی کے استعمال کی ضرورت ہے، عوام کو خدمات کی بہتر فراہمی کیلئے ڈیجیٹل گورننس، ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی اور مصنوعی (بقیہ نمبر 0 6)

اسلام آباد، قائمقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ایڈمنسٹریشن کے شرکاء ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان بین المذاہب اور بین العقائد ہم آہنگی پر یقین رکھتا ہے، سیدال خان

پرامن بقائے باہمی کے زریعے ہی ملک کو ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن کر سکتے ہیں، قائمقام چیئرمین سینیٹ

پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقدہ دیوالی کے موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب کے دوران شرکاء سے گفتگو

اسلام آباد، (بیورو رپورٹ) قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے کہا ہے کہ پاکستان بین المذاہب اور بین العقائد ہم آہنگی پر یقین رکھتا ہے اور پرامن بقائے باہمی کے زریعے ہی ملک کو ترقی اور خوشحالی کی جانب گامزن کر سکتے ہیں۔ قائمقام چیئرمین سینیٹ نے ان خیالات کا اظہار پارلیمنٹ ہاؤس میں اپنے چیمبر میں منعقدہ دیوالی کے موقع پر کیک کاٹنے کی تقریب کے دوران کیا۔ قائم مقام چیئرمین سیدال خان کی جانب سے ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے سینیٹر دنیش کمار کو مبارکباد دینے کے لیے کیک کاٹنے کی تقریب (بقیہ نمبر61)

سالانہ پائیدار ترقی کانفرنس 4 نومبر سے اسلام آباد میں ہوگی

پاکستان ایک مضبوط لیکن کم وسائل والا ملک ہے، جنیوا ڈونرز کانفرنس میں کئے گئے وعدوں میں سے صرف ایک چوتھائی ہی پورے ہوسکے ہیں

کانفرنس میں پانی، زراعت، صنفی مساوات، موسمیاتی تبدیلی، معیشت، تجارت اور دیگر موضوعات پر مکالمے ہوں گے، ڈاکٹر عابد قیوم سلہری



اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی کی 27 ویں سالانہ پائیدار ترقی کانفرنس 4 نومبر بروز سوموار سے پاک چین فرینڈ شپ سینٹر اسلام آباد میں شروع ہو رہی ہے۔ چار روزہ کانفرنس کا موضوع ”ناتوانی سے استحکام تک“ ہے۔ کانفرنس کے بارے میں پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی میں صحافیوں کیلئے ایک بریفنگ کا انتظام کیا گیا۔ ایس ڈی پی آئی کے سربراہ ڈاکٹر عابد قیوم سلہری نے صحافیوں کو بتایا کہ موسمیاتی تبدیلی پر پاکستان کی سفارشات کو مرتب کرنے کیلئے کانفرنس کو نومبر میں منتقل کیا گیا ہے کیونکہ اسی مہینے آذر بائیجان کے شہر باکو میں عالمی ماحولیاتی کانفرنس بھی ہو رہی ہے۔ ڈاکٹر عابد سلہری (بقیہ نمبر62)

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
بانی غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر ڈاکٹر بلال راؤ

ہمارا مقصد خواتین کو مختلف ہنر سکھا کر انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ میں رجسٹریشن کی تاخیر سے ہمارا فلاحی ادارہ مالی مشکلات سے دوچار ہے

گل رعنا کمیونٹی سینٹر کی صدر رشیدہ شبیر اور نائب صدر شائستہ رحمٰن کا خصوصی انٹرویو

تحریر و تصاویر: رانا محمد طاہر

خواتین اور بچیوں کو ہنر مندی کی تعلیم سے آراستہ کرنے کے لئے کراچی کا قدیم گل رعنا کمیونٹی سینٹر بہادر یار جنگ روڈ گرومندر پر واقع ہے اس سینٹر کی صدر رشیدہ شبیر ہیں جو تقریباً بیس سال سے اس ادارے سے منسلک ہیں انہوں نے جہان پاکستان کو بتایا کہ یہ کمیونٹی سینٹر 1949 میں قائم ہوا اس کی بانی 1947 سے 1951 تک پاکستان کی پہلی خاتون اول اور پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کی اہلیہ بیگم رعنا لیاقت علی خان نے فروری 1949 میں اس سینٹر کا افتتاح کیا۔ وہ کہتی تھیں کہ یہ ادارہ میرا گھر ہے کیونکہ دہلی میں جو ان کا گھر تھا جسے وہ ہندوستان سے پاکستان ہجرت کرتے وقت چھوڑ آئیں تھیں اس کا نام گل رعنا تھا اور اسی وجہ سے انہوں نے اس ادارے کا نام گل رعنا رکھا۔ اس ادارے سے اب تک ہزاروں بچیاں اور خواتین ہنر مندی کے مختلف کورسز کر کے فارغ التحصیل ہو چکی ہیں۔

یہاں کی فارغ التحصیل کئی طالبات نے مختلف شعبوں میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ ایک مکمل فلاحی ادارہ ہے یہاں پر بہت ہی معمولی فیس پر بچیوں اور خواتین کو سلائی کڑھائی، کھانا پکانے، بیوٹیشن، کمپیوٹر، انگریزی و دیگر فنی کورسز کرائے جاتے ہیں یہاں خواتین ٹیچرز مختلف شعبوں میں جو کورسز کراتی ہیں وہ ایک ماہ سے لے کے چھ ماہ تک کے ہوتے ہیں۔ اس ادارے کی بانی بیگم رعنا لیاقت علی خان جنہوں نے خواتین کی فلاح و بہبود کے لئے اس ادارے کی ضرورت محسوس کی ہم آج تک ان کے بتائے ہوئے اصولوں پر بغیر کسی منافع کے اسے جاری رکھے ہوئے ہیں یہاں سے کچھ کمانا مقصود نہیں بلکہ بچیوں اور خواتین کو مختلف ہنر سکھا کر انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا مقصد ہے۔ اس ادارے کے تمام عہدیداران رضا کارانہ طور پر خدمات انجام دیتے ہیں صرف اسٹاف کو ماہانہ مشاہرہ دیا جاتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں رشیدہ شبیر نے بتایا کہ اس ادارے میں تین سال کے لئے صدر منتخب کیا جاتا ہے اور یہ میرا تیسرا ٹرم ادوار ہے یعنی بحیثیت صدر مجھے نو سال ہو گئے ہیں۔ بنیادی طور پر یہ ادارہ صرف خواتین اور بچیوں کے لئے ووکیشنل سینٹر ہے۔ ساتھ ہی وہ خواتین جو ملازمت پیشہ ہیں یا ریٹائرڈ ہو چکی ہیں ان کے لئے مہینے کے ہر بدھ کے روز ایک سوشل گیٹ ٹو گیدر کا انعقاد کرتے ہیں اس میں انجوائے منٹ کے علاوہ اپنے مسئلے مسائل پر بھی گفتگو کی جاتی ہے اور ان میں سے بعض کو حل بھی کیا جاتا ہے اس کے علاوہ تمام مسائل کے حل کے لئے کوشش ضرور کی جاتی ہے اس ضمن میں اگر کسی کو قانونی مدد کی ضرورت ہے تو ہم ایک پروگرام مرتب کرتے ہیں جس میں ان وکلا کو دعوت دی جاتی ہے جو اپنی فیلڈ کے ماہر ہوتے ہیں۔ اس طرح ان کے مسائل کا کوئی نا کوئی راستہ نکل آتا ہے۔ خواتین کے معاشی مسائل کے لیے ہم مختلف پروگرام ترتیب دیتے ہیں جن میں گیراج سیل کے نام سے یا مینا بازار جس میں خواتین اور بچیاں اپنے گھر میں بیٹھ کر بنائی ہوئی مختلف اشیا فروخت کرتی ہیں۔ ہمارے ادارے کے ہال میں جو گیراج سیل کا انعقاد کیا جاتا ہے اس میں اسٹال لگانے والی خواتین سے کوئی معاوضہ نہیں لیتے۔ مینا بازار بھی اسی جگہ لگایا جاتا ہے مگر اس میں باہر کی گلی کو بھی اسٹال لگانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین اپنے اسٹالز لگا سکیں۔ ایک سوال کے جواب میں رشیدہ شبیر نے بتایا کہ اپوا اور گل رعنا دونوں ادارے بیگم رعنا لیاقت علی خان نے بنائے تھے اور ہم جو خدمات انجام دے رہے ہیں وہ گل رعنا کے پلیٹ فارم سے صرف خواتین کی فلاح و بہبود اور ان کے مختلف مسائل بشمول معاشی مسائل حل کرنا شامل ہے ہمارے یہاں ہر بدھ کو جو پروگرام ہوتا ہے اس میں خواتین دل کھول کر حصہ لیتی ہیں۔ مثلاً اگر ساون کا مہینہ ہو تو اس میں خواتین ڈھولک پر ساون کے گیت گاتی ہیں، پکوڑے تلے جاتے ہیں اور خوب ہلا گلا ہوتا ہے ایک میلے کا سا سماں ہوتا ہے۔ گرمیوں میں ہم لون کے کپڑوں کا ڈریس شو کا انعقاد کرتے ہیں اس میں لڑکیاں اپنے ہاتھ سے سلے ہوئے لباس پہنتی ہیں بہترین لباس پر انعامات دیے جاتے ہیں۔ ایسے پروگرامز ہم ان خواتین اور بچیوں کے لئے ترتیب دیتے ہیں جو مہنگائی کے اس دور میں کسی بڑی پارٹی یا ایسے پروگرام کے متحمل نہیں ہو سکتیں ہیں۔ خاص مذہبی ایام میں اس دن کی مناسبت سے مذہبی پروگرامز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ ان پروگرامز میں شرکت کے لئے خواتین اور بچیوں کا گل رعنا کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اس ادارے کے قیام کو 76 سال ہو گئے ہیں یہاں سے فارغ التحصیل خواتین کی تعداد شاید انگلیوں پر نہ گنی جا سکے گی خواتین یہاں سے ٹریننگ حاصل کر کے گھر میں بیٹھ کر بھی اور مختلف اداروں میں ملازمت کر کے بھی باعزت روزگار کما کر اپنے گھر والوں کا سہارا بنی ہوئی ہیں۔ اس ادارے میں بیگم نصرت بھٹو بھی تشریف لا چکی ہیں جب اس ادارے میں ہال تعمیر کیا گیا تھا تو اس کا افتتاح بیگم نصرت بھٹو کے ہاتھوں ہوا تھا۔ اس کے علاوہ ہر دور میں مختلف وزراء، چیف جسٹس صاحبان اور ان کی بیگمات گاہے بگاہے یہاں تشریف لاتے رہتے ہیں یہاں آنے والوں میں فنکاروں کی بڑی تعداد بھی شامل ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ یہاں کے منعقدہ پروگراموں میں جن جن شخصیات کو بھی بطور مہمان خصوصی مدعو کیا گیا انہوں نے کسی نا کسی حوالے سے اپنا تعلق اس ادارے کے ساتھ ضرور بتایا کسی نے کہا کہ میری والدہ یہاں سے فیض حاصل کر چکی ہیں کسی نے کہا کہ میں بچپن میں اپنی والدہ کی ساتھ ان کی انگلی پکڑ کے اس ادارے میں آتا تھا یا آتی تھی وغیرہ وغیرہ۔ ایک سوال کے جواب میں رشیدہ شبیر نے بتایا کہ ادارے میں مختلف پروگرام ترتیب دینے کے لئے ہماری 12 ارکان پر مشتمل کمیٹی ہے جس کی میں بطور صدر نگراں ہوں اور پوری کمیٹی کے باہمی مشوروں سے پروگرام مرتب کئے جاتے ہیں۔ ان پروگرامز میں ثقافتی، سماجی، مذہبی ہر قسم کے پروگرام ترتیب دیے جاتے ہیں۔ شائستہ رحمٰن اس ادارے کی وائس پریزیڈنٹ اور ایڈمنسٹریٹرز ہیں انہوں نے جہان پاکستان کو بتایا کہ اس ادارے میں خدمات انجام دیتے ہوئے انتیس ہیں سال ہوئے ہیں ویسے میں پچاس سال سے یہاں کی ممبر ہوں میں نے اس ادارے میں سیکریٹری اور فی الحال نائب صدر کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہی ہوں اور ادارے کے انتظامی امور سنبھالے ہوئے ہوں۔ ہمارے ہاں تین شفٹوں میں کلاسسز ہوتی ہیں صبح ساڑھے نو سے چار بجے تک پانچ دن کلاسسز ہوتی ہیں۔ جمعہ اور اتوار کو چھٹی ہوتی ہے۔ یہاں پر اساتذہ کی تعداد بارہ ہے جو کہ اپنے اپنے ہنر میں ماہر ہیں۔ ہمارے اسٹاف میں صرف ایک مرد چوکیدار ہے باقی تمام امور خواتین سر انجام دیتی ہیں۔ موجودہ دور کے لحاظ سے ہر شعبہ میں خواتین کی تربیت کی جاتی ہے۔ جدید دور کے لحاظ سے ہم نے کمپیوٹر کی کلاسسز شروع کی ہوئی ہیں نیز انگریزی بھی پڑھائی جاتی ہے تاکہ کمپیوٹر لینگویج سمجھنے میں دقت پیش نہ آئے بیوٹیشن کے کورس کا اضافہ کیا گیا ہے۔ تجوید قرآن کی تعلیم دی جاتی ہے مختلف ہینڈی کرافٹ بنانے کی تربیت دی جاتی ہے تاکہ خواتین اور بچیاں گھر بیٹھے روزگار کما سکیں مصوری اور خطاطی کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔ ضرورت کے مطابق ہم اپنے اساتذہ کو اعلیٰ ٹریننگ کے لئے دیگر اداروں میں بھی بھیجتے ہیں۔ طلبا کی امداد کے سلسلے میں ہماری بھرپور کوشش ہوتی ہے کہ وہ یہاں سے کچھ نہ کچھ سیکھ کر جائیں۔ ایک سوال کے جواب میں شائستہ رحمٰن نے بتایا کہ سینٹر چلانے کے لئے کچھ تو فیسوں سے اور کچھ ہمارے صاحب ثروت ممبران اس ادارے کے اخراجات میں مدد کرتے تھے اس کے علاوہ مخیر حضرات جو فنڈ دیتے ہیں آج کل گورنمنٹ کی یہ پالیسی ہے کہ جب تک رجسٹریشن نہ ہو فنڈ نہیں لیا جا سکتا۔ پہلے یہ قانونی پابندی نہیں تھی۔ ہم نے سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ میں دو سال سے رجسٹریشن کے لئے اپلائی کیا ہوا ہے مگر تا حال کوئی مثبت جواب نہیں ملا لہٰذا آج کل یہ فلاحی ادارہ مالی مشکلات سے دوچار ہے۔ سندھ گورنمنٹ کے پاس فلاحی کاموں کا بڑا بجٹ ہوتا ہے مگر یہ بھی رجسٹریشن نا ہونے کی وجہ سے ملنا ممکن نہیں۔

شائستہ رحمان

رشیدہ شبیر

گل رعنا نصرت کمیونٹی سینٹر
76 سال سے آپ کی خدمت میں پیش پیش

گل رعنا نصرت کمیونٹی سینٹر

سالانہ مشاعرہ

صنعت و تجارت

نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کیلئے پالیسی ریٹ میں کمی کی جائے

کراچی چیمبر

FPCCI

معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے، بڑے پیمانے پر مینوفیکچرنگ میں ترقی کو تقویت بخشنے کیلئے شرح سود میں کمی ضروری ہے، صدر جاوید بلوانی

کاروباری، صنعتی اور تاجر برادری مانیٹری پالیسی سے مایوس، پالیسی ریٹ میں 500 بیسز پوائنٹس کی یکمشت کمی کی جائے، عاطف اکرام شیخ کا مطالبہ

کراچی (بزنس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے صدر محمد جاوید بلوانی نے ستمبر 2024 میں افراط زر میں نمایاں کمی کے ساتھ 6.9 فیصد کی سطح پر آنے پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو آئندہ مانیٹری پالیسی کمیٹی میں پالیسی ریٹ میں کم از کم 300 سے 500 بیسس پوائنٹس کی کمی کا مشورہ دیا ہے۔ جاوید بلوانی نے گزشتہ تین اجلاسوں میں پالیسی ریٹ کو بتدریج 22 فیصد سے کم کر کے 17.5 فیصد کرنے پر اسٹیٹ بینک کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ستمبر میں مسلسل دوسرے ماہ مہنگائی میں سنگل ڈیجٹ تک کی دیکھنے میں آئی لہٰذا مرکزی بینک کو اب پالیسی ریٹ کو مزید جارحانہ انداز میں کم کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ افراط زر اب قابو میں ہے اور اشیا کی قیمتوں میں استحکام کے ساتھ کم از کم 300 سے 500 بیسس پوائنٹس کی پالیسی ریٹ میں کمی کاروبار پر دباؤ کم کرنے اور معاشی سرگرمیوں کو تیز کرنے کے لیے بہت ضروری ہے تیز کم شرح سود بڑے پیمانے پر مینوفیکچرنگ میں ترقی کو تقویت بخشے گی جس میں حالیہ مہینوں میں مسلسل کمی دیکھی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اکتوبر 2021 میں جب مہنگائی کی شرح 9.2 فیصد تھی اس وقت ملک میں پالیسی ریٹ صرف 7.25 فیصد تھا لہٰذا کراچی چیمبر کا شرح سود میں جارحانہ انداز میں کمی کا مطالبہ بالکل جائز ہے کیونکہ اب مہنگائی کی شرح اور زیادہ کم ہو چکی ہے ایسے حالات میں پالیسی ریٹ کو فوری طور پر سنگل ڈیجٹ پر لانا چاہیے۔ ادھر صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان کی کاروباری، صنعتی اور تاجر برادری مانیٹری پالیسی سے مایوس ہے کیونکہ یہ بنیادی افراط زر کی نسبت بھاری پریمیم پر مبنی ہے؛ فی الوقت حکومت کے اپنے اعداد و شمار کے مطابق، ستمبر 2024 میں مہنگائی 6.9 فیصد رہی ہے لیکن، پالیسی ریٹ 17.5 فیصد پر برقرار ہے؛ جو کہ بنیادی افراط زر کے مقابلے میں 1060 بیسس پوائنٹس کے پریمیم کی عکاسی کرتا ہے۔ عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ تمام صنعتوں اور سیکٹرز کے ساتھ مشاورت کے بعد ایف پی سی سی آئی مانیٹری پالیسی کو معاشی اعتبار سے معقول بنانے کے لیے پیر کو ہونے والی مانیٹری پالیسی کمیٹی کے اجلاس میں فوری طور پر پالیسی ریٹ میں 500 بیسس پوائنٹس کی یکمشت کمی کا مطالبہ کرتا ہے اور ہم اسے اسپیشل سرمایہ کاری سہولت کونسل کے وژن اور اقتصادی ترقی اور برآمدات کے لیے وزیر اعظم کے وژن کے مطابق بنانے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ عاطف اکرام شیخ نے فیڈریشن کے اس موقف کا اعادہ کیا کہ پاکستان کاروبار کرنے کی لاگت کاروبار کرنے میں آسانی اور فنانس تک رسائی میں برآمدی منڈیوں میں اپنے تمام حریفوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ چیلنجز کا شکار ہے۔ خوش قسمتی سے، پاکستان میں مہنگائی کے خلاف فیصلہ کن کارروائی پچھلے کئی مہینوں سے جاری ہے اور اقتصادی ترقی کے راستے پر واپس آنے کے واحد قابل عمل حل صنعت اور برآمدات کو سپورٹ کرنا ہے۔ سینئر نائب صدر ایف پی سی سی آئی ثاقب فیاض مگوں نے تجویز پیش کی کہ شرح سود کو فوری طور پر 12.5 فیصد تک لایا جائے تاکہ پاکستانی برآمد کنندگان کسی حد تک سرمایہ کی لاگت کو بامعنی انداز میں کم کر کے علاقائی اور بین الاقوامی برآمدی منڈیوں میں مقابلہ کر سکیں۔

اوورسیز ایمپلائمنٹ کے نائب چیئرمین کی سعودی قونصل جنرل ملاقات

ملاقات میں سعودی عرب نوکری کے لئے جانے والوں کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی

دونوں ممالک کے رشتے کو مضبوط بنانے میں پاکستانی ورکرز اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، عبدالرحمان سعد

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹرز کے نائب چیئرمین عدنان پراچہ نے سعودی عرب کے قائم مقام قونصل جنرل عبدالرحمان سعد سے اہم ملاقات کی۔ عدنان پراچہ نے بتایا کہ سعودی عرب نوکری کے لئے جانے والوں کے حوالے سے قونصل جنرل سے ملاقات میں اہم پیش رفت ہوئی ہے اور قونصل جنرل نے اس ضمن میں مسائل سنے اور ہماری سفارشات اور مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ عدنان پراچہ نے کہا کہ سعودی قونصل جنرل نے سعودی عرب نوکری پر جانے والوں کو ہنرمند بنا کر بھیجنے پر زور دیا۔ عدنان پراچہ نے کہا کہ اس وقت سب سے زیادہ ترسیلات زر سعودی عرب سے آتی ہے۔ نئے سال میں پاکستان سے سعودی عرب زیادہ سے زیادہ افراد کو نوکری پر بھیجنے کے پلان بھی ہے۔ سعودی قونصل جنرل نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے رشتے کو مزید مضبوط بنانے میں پاکستانی ورکرز کا اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ عدنان پراچہ نے بتایا کہ سعودی قونصل جنرل نے پاکستانی بزنس مین کو بھی کوئی بھی مسائل فوری حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

سعودی ایئر لائنز کی ترقی میں پاکستانی تارکین وطن کا اہم کردار

بہتر سفری سہولتیں پاکستانی تارکین وطن، سیاحوں اور زائرین کیلئے آسانی فراہم کر سکتی ہیں

کراچی (بزنس رپورٹر) سعودی ایئر لائنز کی خصوصی ترقی میں پاکستانی تارکین وطن کا بھی اہم کردار ہے پاکستان کے لیے سعودی ایئر لائنز کی یہ ترقی خاص طور پر اس لیے بھی قابل ذکر ہے کیونکہ اس سے سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان پروازوں کی خدمات میں اضافہ اور رابطے میں تیزی آسکتی ہے۔ بہتر سفری سہولتیں پاکستانی تارکین وطن، سیاحوں اور زائرین کے لیے آسانی فراہم کر سکتی ہیں اور دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتی ہیں۔ سعودی ایئر لائن نے نے رواں سال کے 10 ماہ کے دوران گزشتہ سال کی نسبت 10 فیصد اضافے کے ساتھ 9 ملین سے زائد مہمانوں کو منتقل کیا ہے، جبکہ 9 ہزار سے زائد پروازوں کے ذریعہ یہ کامیابی 9 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ سعودی ایئرلائنز کی ترقی کے حوالے سے ڈائریکٹر جنرل سعودی گروپ انجینئر ابراہیم العمر نے کہا کہ ہوائی صنعت اپنے ہنرمند ورک فورس اور جدید نظاموں کے ذریعے مسلسل عملی بہتری کی حفاظت فراہم کرتی ہے، ہم اپنے قیمتی مہمانوں کے سفر کے تجربے کو بڑھانے کے لیے جدید خدمات فراہم کرنے کا عزم رکھتے ہیں، اور ہماری ترقی حکمت عملی فضائی سفر کے ہر پہلو کا احاطہ کرتی ہے، سکیورٹی اور حفاظت سے لے کر بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے کے لیے نشست کی گنجائش بڑھانے تک احتیاط سے جائزہ لیتی ہے۔

سی سی پی کی انکوائری کیخلاف پولٹری کمپنیوں کا اسٹے خارج

کارٹل اور کاروباری گٹھ جوڑ کیخلاف کارروائی کرنا سی سی پی کا مینڈیٹ ہے، عدالت

کراچی (بزنس رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان کو پولٹری کمپنیوں کے خلاف مبینہ گٹھ جوڑ بنا کر ایک دن کے چوزے کی قیمت فکس کرنے کے خلاف کاروائی کی اجازت دیتے ہوئے، پولٹری کمپنیوں کی جانب سے لیا گیا اسٹے آرڈر خارج کر دیا ہے۔ عدالت نے حکم نامے میں واضح کیا ہے کہ کسی ریگولیٹری ادارے کی جانب سے انکوائری کے دوران، عدالت سے رجوع نہیں کیا جا سکتا، بلکہ ریگولیٹری ادارے کی جانب سے آرڈر جاری ہونے کے بعد ہی، عدالت سے ریلیف کے لئے رجوع کیا جا سکتا ہے۔ جسٹس جواد حسن نے اپنے حکم میں واضح کیا ہے کہ ملک میں مارکیٹوں کو ریگولیٹ کرنا، کارٹل اور کاروباری گٹھ جوڑ کے خلاف کاروائی کرنا اور مارکیٹ میں مقابلے کی فضا کو برقرار رکھنا کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان کا بنیادی مینڈیٹ ہے جسے کو چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ فیصلے میں لکھا ہے کہ عدالتوں کو متعلقہ ریگولیٹری اداروں کو ان کے فرائض کی انجام دہی میں سپورٹ کرنا ہے۔ کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان نے ایک دن کے چوزے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کی شکایات پر نوٹس لیتے ہوئے، پولٹری ہیچریوں کے خلاف انکوائری شروع کی تھی۔ تحقیقات کے دوران، پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے دفتر سے، پولٹری کمپنیوں کے گٹھ جوڑ کر کے قیمتیں بڑھانے کے واضح ثبوت حاصل ہوئے۔ تاہم، انکوائری اور شوکاز نوٹس کے اجراء پر چند پولٹری کمپنیوں نے عدالت سے حکم امتناعی حاصل کر لیا۔ کمپٹیشن کمیشن نے پولٹری کمپنیوں کے اس حکم امتناعی کو چیلنج کر رکھا تھا۔ پولٹری کمپنیوں کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے کہا کمیشن کے شوکاز نوٹس کے طریقہ کار میں غلطیاں ہیں۔ تاہم، کمپٹیشن کمیشن کی قانونی ٹیم جس میں ڈائریکٹر اسد اللہ چٹھہ اور کمیشن کے قانونی مشیر، بیرسٹر عنبرین عباسی، حافظ محمد نعیم اور حسن رضا شامل تھے نے حکم امتناع کو چیلنج کیا۔ عدالت نے کمپٹیشن کمیشن کے انکوائری کرنے اور شوکاز کرنے کے حق کو برقرار رکھا اور جامع فیصلہ دیا۔ کمپٹیشن کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر کبیر سدھو نے مارکیٹ میں کمپٹیشن کے نہایت پیچیدہ مقدمات اور ریگولیٹری قانونی مسائل سے نمٹنے میں ادارے کی لیگل ڈیپارٹمنٹ کو مضبوط اور مستحکم کیا ہے تاکہ مقدمات کی فعال پیروی کی جا سکے۔

اسٹیٹ بینک مانیٹری پالیسی میں غیر ضروری احتیاط نہ کرے، میاں زاہد

کاروباری لاگت میں کمی کے لئے 5 فیصد کمی کی جائے، معاشی سرگرمیاں بحال ہوں گی

کراچی (بزنس رپورٹر) نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم و آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ مرکزی بینک چار نومبر کو مانیٹری پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے شرح سود میں کم از کم پانچ فیصد کمی کرے تاکہ کاروباری لاگت میں کمی ہو۔ شرح سود میں کمی سے معاشی سرگرمیاں بحال ہوں گی جس سے روزگار اور حکومت کا ریونیو بڑھے گا۔ میاں زاہد حسین نے کاروباری برادری سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی بینک زیادہ احتیاط کا مظاہرہ نہ کرے اور شرح سود میں ڈیڑھ سے دو فیصد کمی نہ کرے بلکہ کم از کم پانچ فیصد کمی کرے۔ شرح سود میں کمی کے راستے میں درآمدات میں اضافے کا خدشہ اور بعض دیگر مسائل رکاوٹ ہوتے ہیں مگر شرح سود میں خاطر خواہ کمی کرکے بھی درآمدات کنٹرول میں رکھی جا سکتی ہیں تاکہ ادائیگیوں کا توازن رکھا جا سکے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ اگلے ایک سال کا اوسط افراط زر 7 سے 8 فیصد کے درمیان رہنے کا امکان ہے اس لئے غیر ضروری احتیاط نہ کی جائے۔ آئی ایم ایف نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک کو شرح سود میں بتدریج نرمی کرنی چاہیے جو حقیقی طور پر معاشی ترقی میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔ مرکزی بینک کو خدشہ ہے کہ اگر درآمدات میں غیر ضروری اضافہ ہوا تو اس سے کرنسی پر دباؤ بڑھ سکتا ہے جس سے بحران جنم لے سکتا ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ پاک چین دوستی کی دشمن بہت نقصان پہنچا چکے ہیں اس لئے ان کے خلاف بھرپور کاروائی کرتے ہوئے انہیں فیصلہ کن شکست دی جائے۔ سی پیک میں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری دشمن ممالک کو ایک آنکھ نہیں بھاتی جس کی وجہ سے چینی باشندوں پر حملے کر کے اس عمل میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ پاکستان میں چینیوں پر حملوں اور دہشتگردی کے واقعات میں ہلاکتوں پر چین کے تحفظات موجود ہیں جن کا جلد کوئی حل نکالنا ضروری ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ چینی سفیر کا یہ کہنا درست ہے کہ چینی شہریوں کی سیکیورٹی کے مسائل سی پیک کو آگے بڑھانے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ چین دہشتگردوں کے خلاف سخت اقدامات چاہتا ہے تاہم اسے پاکستان کی مشکلات کا بھی اندازہ ہے کہ دہشت گردی پر قابو پانے میں کس قسم کی مشکلات درپیش ہیں۔

شوبز و اسپورٹس

آئی پی ایل: کوہلی، روہت، پانڈیا کتنے کروڑ میں ریٹین ہوئے؟

رائل چیلنجرز بنگلور کی فہرست میں ویرات کوہلی بھی شامل، 21 کروڑ روپے کی خطیر رقم خرچ ہوگی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) انڈین پریمیئر لیگ کا میگا ایونٹ تو اگلے برس مارچ میں شروع ہونا ہے لیکن اس سے قبل فرنچائزز کھلاڑیوں کے انتخاب کیلئے کوشاں ہیں۔ آئی پی ایل کی تمام فرنچائزز نے اپنے برقرار (retained) رکھے جانیوالے کھلاڑیوں کی فہرست جاری کر دی ہے۔ 10 فرنچائزز کی برقرار رکھے جانے والے کھلاڑیوں کی فہرست میں بھارت کے اسٹار کرکٹر ویرات کوہلی، روہت شرما اور ہاردک پانڈیا کا نام بھی شامل ہیں۔ بھارتی میڈیا کا دعویٰ ہے کہ آئی پی ایل کی فرنچائز ممبئی انڈینز نے ہاردک پانڈیا کو ٹیم میں برقرار رکھنے کیلئے 16 کروڑ 35 لاکھ روپے اور روہت شرما کو برقرار رکھنے کیلئے 16 کروڑ 30 لاکھ روپے خرچ کرے گی جبکہ ممبئی انڈینز کے کپتان اس بار بھی ہاردک پانڈیا ہی ہوں گے۔ دوسری جانب آئی پی ایل کی فرنچائز رائل چیلنجرز بنگلور کے برقرار رکھے جانے کھلاڑیوں کی فہرست میں اسٹار کرکٹر ویرات کوہلی شامل ہیں جن کیلئے فرنچائز 21 کروڑ روپے کی خطیر رقم خرچ کرے گی۔ واضح رہے کہ ویرات کوہلی 2008 میں آئی پی ایل کے آغاز کے بعد سے ہی رائل چیلنجرز بنگلور سے وابستہ ہیں۔ حال ہی میں بی سی سی آئی نے فرنچائزز کیلئے کھلاڑیوں کو برقرار رکھنے کے حوالے سے نئے قواعد جاری کیے ہیں جس کے تحت ایک فرنچائز زیادہ سے زیادہ 6 کھلاڑیوں کو ہی برقرار رکھ سکتی ہے۔

بابر اعظم نے بڑا اعزاز نام کر لیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان کے سابق کپتان بابر اعظم کا بیٹ میلبرن کرکٹ گراؤنڈ کے لانگ روم میں رکھا جائے گا۔ ایم سی جی حکام نے بابر اعظم کو لانگ روم کیلئے بیٹ عطیہ کرنے کو کہا جس کے بعد بابر نے 2022 کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ فائنل میں استعمال ہونیوالا بیٹ عطیہ کر دیا۔ ایم سی جی لانگ روم میں ڈان بریڈ مین، ڈیوڈ بون، جیک ہوبز اور برائن لارا کے بیٹ بھی نمائش کیلئے موجود ہیں۔ اس حوالے سے بات کرتے ہوئے بابر اعظم نے کہا کہ میرے لیے یہاں کے لانگ روم میں بیٹ رکھنا اعزاز کی بات ہے۔

ورلڈ سنوکر چیمپئن شپ
قومی کھلاڑی فیصلہ کن راؤنڈ میں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ورلڈ سنوکر چیمپئن شپ کے مقابلوں میں پاکستانی کھلاڑی محمد آصف نے فیصلہ کن راؤنڈ میں جگہ بنالی ہے۔ ورلڈ سنوکر چیمپئن شپ میں احسن رمضان اور اسجد اقبال کوالیفائرز کے دونوں مراحل میں ٹاپ 8 میں نہ آسکے۔ محمد آصف نے ہم وطن اسجد اقبال کو 2-4 سے ہرا کر فیصلہ کن راؤنڈ میں جگہ بنائی۔ احسن رمضان کو کوالیفائرز کے راؤنڈ آف 16 میں سری لنکن پلیئر نے ہرایا۔ پاکستان کے اویس منیر اور نسیم اختر کو براہ راست فیصلہ کن راؤنڈ میں جگہ ملی تھی۔ واضح رہے کہ ورلڈ اسنوکر چیمپئن شپ کا فیصلہ کن راؤنڈ آج 2 نومبر سے شروع ہوگا۔

قومی فٹبال ٹیم کا معاہدہ ختم

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قومی سینئر ٹیم ہیڈ کوچ سٹیفن کونسٹنٹائن کے پاکستان فٹبال فیڈریشن کیساتھ معاہدے کی مدت مکمل ہو گئی۔ ہارون ملک کی سربراہی میں کام کرنیوالی پی ایف ایف کی نارملائزیشن کمیٹی نے ستمبر 2023 میں ان کا تقرر کیا تھا۔ کونسٹنٹائن کی کوچنگ میں پاکستان نے کمبوڈیا کو شکست دے کر تاریخ میں پہلی بار فیفا ورلڈ کپ کوالیفائرز کے دوسرے راؤنڈ تک رسائی حاصل کی۔ اپنے پیغام میں کونسٹنٹائن نے کہا ہے کہ پاکستان کی قومی ٹیم کی کوچنگ کا شاندار موقع فراہم کرنے پر پی ایف ایف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔

سعودی عرب کی قومی ویمن فٹبال ٹیم کو میچ کی دعوت



لاہور (سپورٹس رپورٹر) سعودی عرب فٹبال فیڈریشن نے پاکستان ویمن فٹبال ٹیم کو قطر میں میچ کھیلنے کی دعوت دے دی۔ ذرائع کے مطابق سعودی عرب نے قطر میں پاکستان سے ویمن فٹبال میچ کھیلنے کی پیشکش کی ہے اور دوسری جانب پاکستان فٹبال فیڈریشن نے بھی سعودی عرب سے میچ کھیلنے میں دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ سعودیہ کی پاکستان فٹبال ویمن ٹیم کو میچ کی پیشکش، تمام اخراجات کا ذمہ لے لیا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ میچ کیلئے پاکستان ٹیم کے تمام اخراجات بھی سعودی فٹبال فیڈریشن برداشت کرے گی جبکہ میچ کیلئے دونوں ٹیموں کا تربیتی کیمپ قطر میں ہی لگایا جائیگا۔ سعودی عرب نے اس ماہ فیفا ونڈو میں خواتین فرینڈلی میچ کیلئے پاکستان فٹبال فیڈریشن سے رابطہ کیا ہے اور خواتین کی فیفا فرینڈلی ونڈو 25 نومبر سے 7 دسمبر کے درمیان ہے۔

نیشنل انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی: کانکررز اور سٹرائیکرز فائنل میں

لاہور (سپورٹس رپورٹر) کانکررز اور اسٹرائیکرز کی ٹیمیں اتوار کے روز نیشنل انڈر 19 ویمنز ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کے فائنل میں مدمقابل ہونگی۔ جمعہ کے روز کھیلے گئے آخری لیگ میچوں میں کانکررز اور اسٹرائیکرز نے کامیابی حاصل کر لی۔ ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں کھیلے گئے پہلے میچ میں کانکررز نے انوینسبلز کو 73 رنز سے ہرا دیا۔ کانکررز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 3 وکٹوں پر 144 رنز بنائے۔ سمیعہ اظہر نے سات چوکوں کی مدد سے 51 رنز سکور کیے۔ کومل خان نے 42 رنز بنائے۔ دونوں نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 93 رنز کا اضافہ کیا۔ جواب میں انوینسبلز کی ٹیم 7 وکٹوں پر 71 رنز بنانے میں کامیاب ہو سکی۔

مشن آسٹریلیا: قومی ٹیم نے تیاریوں کا آغاز کر دیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) مشن آسٹریلیا کیلئے پاکستان کی ٹیم نے پہلے ون ڈے کے لیے تیاریوں کا آغاز کر دیا۔ میلبرن کرکٹ گراؤنڈ میں قومی کرکٹ ٹیم نے پریکٹس کی، بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی خامیوں کو دور کرنے کے لئے ٹریننگ سیشن میں حصہ لیا، آسٹریلیا پہنچنے والے کھلاڑیوں کے دوسرے گروپ نے آرام کیا۔ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان تین ون ڈے میچوں کی سیریز کا پہلا میچ 4 نومبر کو کھیلا جائے گا۔

ڈیرن گوف لاہور قلندرز کے ہیڈ کوچ مقرر

لاہور (سپورٹس رپورٹر) گیانا میں شیڈول گلوبل سپر لیگ کیلئے لاہور قلندرز نے ڈیرن گوف کو ہیڈ کوچ مقرر کر دیا۔ گلوبل سپر لیگ کا آغاز گیانا میں 26 نومبر سے ہوگا اور ڈیرن گوف 23 نومبر کو اسکواڈ کو جوائن کریں گے۔

بڑی میوزک کمپنی ای ایم آئی کا موسیقار طافو کو خراج عقیدت

منتظم نغمہ ساز کے روح رواں گلوکار تنویر آفریدی تھے، نامور شخصیات شریک

لاہور (کلچرل رپورٹر) دنیائے موسیقی کے عظیم موسیقار استاد طافو خان کی یاد میں تعزیتی ریفرنس گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں ہوا تقریب کا اہتمام ای ایم آئی میوزک کمپنی نے کیا تھا جس کے منتظم نغمہ ساز کے روح رواں گلوکار تنویر آفریدی تھے تقریب میں طافو کے گیتوں پر مبنی ڈاکیومنٹری دکھائی گئی اور قرارداد منظور کی گئی کہ لاہور کی کسی سڑک کا نام طافو روڈ رکھا جائے اس موقع پر مقررین نے طافو خان کو خدمات پر خراج عقیدت پیش کیا شرکت کرنے والوں میں طارق طافو، تصور خانم، راحت ملتانیکر، راشد محمود، غلام عباس، انور رفیع، میکھا، ترنم ناز، امروزیہ، بشریٰ صادق، افضل عاجز، واجد علی طافو، نشو، وارث بیگ، عمران شوکت، شیابت، نعیم وزیر، محسن جعفر، عامر غلام علی، علی عطر، ڈاکٹر محمد سہیل افضل، دیوان آغا قیصر، ڈاکٹر منور چاند اور دیگر شامل تھے۔

مشرف شاہ مریم علی حسین کا گانا ''حبیبی حبیبی یا نور العین'' ریکارڈ

ریکارڈنگ فاروق سٹوڈیو میں ہوئی، جلد ویڈیو بنائی جائیگی، ڈائریکٹر عابد عثمانی ہونگی

لاہور (کلچرل رپورٹر) گلوکار مشرف شاہ اور مریم علی حسین نے نیا گیت ''حبیبی حبیبی یا نور العین'' ریکارڈ کرایا اس کے نغمہ نگار سید مشرف شاہ ہیں اور موسیقی بھی انہوں نے خود ترتیب دی ہے۔ نغمے کی ریکارڈنگ بابا فاروق نے فاروق سٹوڈیو میں کی ہے مشرف شاہ نے بتایا کہ میں نے مریم علی حسین کے ساتھ پہلا ڈیوٹ سونگ ریکارڈ کرایا ہے۔ عنقریب اس کا ویڈیو تیار کیا جائے گا جس کے سٹوری بورڈ پر کام جاری ہے ویڈیو کی ڈائریکشن عابدہ عثمانی دیں گی انہوں نے ویڈیو شوٹ کے لیے لوکیشنز کا انتخاب کر لیا ہے ویڈیو شوٹ کرنے کے بعد اسے ریلیز کر دیا جائے گا مشرف شاہ کا کہنا تھا یہ گیت منفرد انداز میں تیار کیا گیا ہے میں پرامید ہوں کہ ناظرین ہمارے ویڈیو سونگ کو پسند کریں گے۔

بقیہ — بقیہ جات — 1

اس فیصلے کی مخالفت کر دی۔ سینیٹر شہادت اعوان کا کہنا تھا کہ ججز کی تعداد کو کم از کم 21 کرنا چاہیے، نئے چیف جسٹس سب کی پسند سے آئے ہیں ان کو دو تین ماہ دینے چاہئیں۔ یہ ساری ہلچل نئے چیف جسٹس کو لانے کے لیے ہی تھی، ہم ایک انتہائی غریب ملک کے باسی ہیں، ہمیں ججز پر بہت خرچ کرنا پڑتے ہیں۔ قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف میں 26ویں ترمیم کا تذکرہ بھی کیا گیا۔ سینیٹر حامد خان کا کہنا تھا کہ 26 ویں آئینی ترمیم سے ہم نے عدلیہ کو سخت نقصان پہنچایا۔ جب کسی ملک کو نقصان پہنچانا مقصود ہوتا ہے وہاں ججز کی تعداد بڑھا دی جاتی ہے، کیونکہ مرضی کے فیصلے نہیں آ رہے ہوتے۔ یاد رہے کہ سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف کی جانب سے سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 25 کرنے کی منظوری دیدی گئی، ان میں ایک چیف جسٹس اور 24 ججز شامل ہوں گے۔

بقیہ — بقیہ جات — 2

جوہر ٹاؤن کیلئے روانہ ہوئیں۔ قریبی ذرائع کے مطابق وہ دانتوں کے معائنے کیلئے جوہر ٹاؤن کے ایک نجی ڈینٹل کلینک گئیں، جہاں سے ساڑھے 4 گھنٹے بعد واپس زمان پارک آئیں۔ بشریٰ بی بی کو مسوڑھوں کا درد لاحق ہے، دورانِ قید بھی انھیں دانتوں کے درد کی شکایت رہتی تھی۔ دوسری جانب پولیس نے زمان پارک میں بشریٰ بی بی کی رہائش گاہ کے اطراف میں سکیورٹی مزید بڑھادی ہے۔ واضح رہے کہ بشریٰ بی بی قید سے رہائی کے بعد بدھ کی رات ہی لاہور پہنچی تھیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 3

کی سعودی عرب کی قیادت سے ملاقاتیں انتہائی سود مند ثابت ہوئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستانی معیشت تیزی کے ساتھ مستحکم ہورہی ہے اور ملک میں سرمایہ کار بھی دلچسپی لینے لگے ہیں، ملک میں سرمایہ کاری تیزی سے بڑھ رہی ہے، سعودی عرب کی سرمایہ کاری 2.2 ارب ڈالر سے بڑھ کر 8.2 ارب ڈالر ہوگئی ہے جب کہ قطر نے بھی پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرنے پر رضا مندی ظاہر کی ہے۔ وزیر اطلاعات ونشریات کا کہنا تھا کہ وزیراعظم کی سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے ساتھ ملاقات انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوئی، سعودی عرب کے ساتھ سرمایہ کاری سے متعلق ایم او یوز پر پیش رفت جاری ہے، سعودی عرب نے آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے میں ہماری بھرپور مدد کی جس پر ہم برادر ملک کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے عالمی سطح پر فلسطینیوں کا مقدمہ لڑا ہے، سعودی عرب کی قیادت کے ساتھ بھی اسرائیلی مظالم پر گفتگو ہوئی ہے، فلسطین کے مسئلے پر وزیراعظم پاکستان نے تقریر کی تو ہال تالیوں سے گونج اٹھا، پاکستان فلسطینی عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ قطر پاکستان میں 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کرے گا، قطر نے پاکستان میں آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں دلچسپی ظاہر کی ہے، آئندہ چند دنوں بعد قطر کا وفد پاکستان کا دورہ بھی کرے گا، سرمایہ کاری سے ملکی معیشت مزید مستحکم ہوگی۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ علی امین غیر سنجیدہ وزیر اعلیٰ ہیں وہ صوبے کے معاملات نہیں چلا پا رہے ہیں، خیبر پختونخوا کے حالات، دہشتگردی کے واقعات اور امن وامان کی صورت حال سے ان کی نا اہلی صاف ظاہر ہورہی ہے، وہ عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں بھی بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں دہشتگردی کے واقعات ملکی ترقی کے لیے انتہائی نقصان دہ ہیں، حکومت دہشتگردی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑے گی۔

بقیہ — بقیہ جات — 4

پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دوران ملاقات تجارت، موسمیاتی تبدیلی، قابل تجدید توانائی، ویمن اکنامک ایمپاورمنٹ، صحت اور تعلیم کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ مریم نواز نے کہا کہ گرین انرجی اور جدید ٹیکنالوجی پر امریکا کے تجربے سے مستفید ہونا چاہتے ہیں، اسکلڈ ہیومن ریسورس کے لیے جدید طرز پر انٹرن شپس کرائی جارہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک امریکا تعلقات کو مزید تقویت بخشنے کے لیے کوشاں ہیں، پاکستان نے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف جنگ میں شاندار کامیابیاں حاصل کیں۔ مریم نواز نے کہا کہ پاکستان ماضی کے مقابلے میں زیادہ محفوظ اور پُرامن ہے، مسلم لیگ ن کی حکومت نے گڈ گورننس اور شفافیت کے نئے معیار قائم کیے ہیں

بقیہ — بقیہ جات — 5

امریکی سفارتخانے کے 3 رکنی وفد کو اڈیالہ جیل میں اسیر 3 ملزمان تک قونصلر رسائی دی گئی، امریکی سفارتخانے کے وفد نے فارن ایکٹ کے تحت گرفتار اسیر ملزمان سے ملاقات کی۔ جیل ذرائع کے مطابق امریکی سفارتخانے کے وفد کو ملزمان سے ملاقات ایڈیشنل سپرینٹنڈنٹ جیل کے آفس میں کرائی گئی، امریکی سفارتخانے کے وفد نے ایک گھنٹے تک قیدیوں سے ملاقات کی۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ وفد کو امریکی شہریوں عابد ملک، صدیقہ سعید، ایلکس پلیڈو تک قونصلر رسائی دی گئی، امریکی سفارتخانے کے وفد میں عرفان جان، مائیک مرفی اور راحیل جاوید شامل تھے۔ جیل ذرائع کے مطابق امریکی وفد ملاقات کے بعد اڈیالا جیل سے واپس روانہ ہوگیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 6

جواب جمع کرانے کی مہلت دے دی۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی توشہ خانہ کیس میں 5 سال کی نا اہلی کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس شمس محمود مرزا کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بنچ نے درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن کے وکیل شہزاد شوکت عدالت کے روبرو پیش نہیں ہوئے، لاہور ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کے وکیل کو جواب جمع کرانے کی مہلت دے دی۔ بعد ازاں عدالت عالیہ نے درخواستوں پر کارروائی غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی، بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل بیرسٹر علی ظفر نے گزشتہ سماعت پر دلائل مکمل کر لیے تھے۔

بقیہ — بقیہ جات — 7

ہے کہ آئی ایم ایف نے مالی سال 2024-25 کے لیے افراط زر کا تخمینہ 7.12 فیصد لگایا تھا جسے نظر ثانی کے بعد 5.9 فیصد کر دیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق نظر ثانی کے بعد آئی ایم ایف کے اندازے اور تخمینے وزارت خزانہ کے معاشی تخمینوں سے قریب تر ہوگئے ہیں اور معاشی صورتحال سے مالیاتی استحکام کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مالی سال کے وسط میں بجٹ میں کسی قسم کی ایڈجسٹمنٹ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ دوسری جانب وزارت خزانہ کے اعلامیے میں گرتی ہوئی شرح سود اور قرض کے حصول کی لاگت میں کمی معیشت کے لیے نیک شگون قرار دی گئی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 8

تاریخی پیکج کے تحت پنجاب کسان بینک، گرین ٹریکٹر اسکیم، ہارویسٹر اور زرعی آلات کی مقامی سطح پر تیاری اور آئل سیڈ پروموشن پروگرام کا اعلان کیا تھا۔ جون میں وزیراعلیٰ پنجاب اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس منعقد میں کسان پیکیج پر تفصیلی بریفنگ دی گئی تھی۔ اجلاس میں کاشتکاروں کو آسان قرضوں کے لیے پنجاب کسان بینک قائم کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا تھا، کاشتکاروں کے لیے سی ایم پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم کی منظوری بھی دی گئی تھی، انہوں نے ٹریکٹر پر محض 6 لاکھ روپے سبسڈی کی تجویز مسترد کردی تھی۔ وزیر اعلیٰ نے چھوٹے ٹریکٹر پر 70 فیصد اور بڑے ٹریکٹر پر 50 فیصد سبسڈی دینے کی ہدایت کی تھی جب کہ نواز شریف کی تجویز پر پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت ٹریکٹروں کی تعداد بھی 10 ہزار بڑھا دی گئی۔ مریم نواز نے پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم کا پہلا مرحلہ ایک سال میں مکمل کرنے کا حکم دیا۔ اجلاس میں ہر سال پنجاب گرین ٹریکٹر اسکیم کے تحت ٹریکٹرز کی تعداد بڑھانے کا اصولی فیصلہ بھی کیا گیا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا تھا کہ 6 سے 50 ایکڑ اراضی کے مالکان ٹریکٹر اسکیم میں اپلائی کرنے کے اہل ہوں گے۔ وزیراعلیٰ نے مقامی سطح پر تیار کردہ ہائی ٹیک میکانائزیشن پروگرام کی بھی منظوری دی تھی، اس کے تحت غیر ملکی کمپنیاں پنجاب میں مقامی اشتراک سے ہارویسٹر اور دیگر آلات تیار کریں گی۔ غیر ملکی کمپنیوں کو جدید زرعی آلات کی پنجاب میں مینوفیکچرنگ پر مراعات دینے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا تھا، پنجاب میں آئل سیڈ پروموشن پروگرام شروع کرنے کی منظوری بھی دی گئی جس کے تحت صوبے کے مختلف علاقوں میں تیلدار اجناس تیار کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا تھا کہ پنجاب میں پہلی مرتبہ 400 ارب روپے کا کسان پیکج دیا جارہا ہے، کسان کارڈ کے ذریعے کاشتکاروں کو زرعی مداخل کے علاوہ دیگر مراعات اور سہولیات بھی دیں گے جبکہ ہر کاشتکار کی خوشحالی اور زرعی پیداوار میں اضافہ ہمارے اولین اہداف میں شامل ہے۔ اجلاس میں ٹیوب ویل کی سولرائزیشن اور ڈرپ ایریگیشن سسٹم کا بھی جائزہ لیا گیا تھا۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا تھا کہ کسان کارڈ کے لیے 48 گھنٹے میں 47 ہزار کسان رجسٹریشن کرا چکے ہیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 9

بھرتیاں کی جاتی ہیں، خود مختار اداروں کو منافع بخش بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔ جمعہ کو سینیٹ کے اجلاس میں عبدالشکور اچکزئی، ضمیر گھمرو، دنیش کمار، کامران مرتضیٰ کے سوالات کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ زرعی ترقیاتی بنک کا اپنا بورڈ ہے جس میں آئین وقانون کے تحت میرٹ پر بھرتیاں کی جاتی ہیں، کوئی کوٹہ نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ زرعی ترقیاتی بنک کے ملازمین کی تعداد 3367 ہے، بلوچستان کو کسی بھی صورت نظر انداز نہیں کیا جاتا، اشتہارات اور شارٹ لسٹنگ کے بعد میرٹ اور شفافیت کے تحت بھرتیاں ہوتی ہیں، میرٹ پر بھرتیوں سے ادارے ترقی کریں گے، آئین وقانون پر عمل کریں گے، خودمختار اداروں کو منافع بخش بنانے کیلئے کوشاں ہیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 10

میں صوبہ بلوچستان کے حصے میں گزشتہ چند سالوں میں اضافہ کیا گیا، رواں سال کے پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کیلئے 130 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ جمعہ کو سینیٹ کے اجلاس میں سینیٹر دنیش کمار اور کامران مرتضیٰ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ بلوچستان کی پسماندگی دور کرنے کیلئے اس کے حصہ سے زیادہ وسائل فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2019 میں بلوچستان کیلئے 57 ارب روپے، 2022-21 میں 180 ارب روپے، 2021-22 میں 99 ارب روپے، 2022-23 میں 84 ارب روپے مختص کئے گئے، ہم نے گزشتہ سال پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کیلئے 126 ارب روپے مختص کئے، رواں سال صوبے کیلئے 130 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ وزارتیں منصوبوں پر عملدرآمد کی ذمہ دار ہیں، ہر وزارت منصوبوں کی اہمیت اور کام کی رفتار کے تناظر میں بجٹ کو دوبارہ مختص کرسکتی ہے، بلوچستان سے متعلق منصوبوں کی ترجیحی بنیادوں پر منظوری دیتے ہیں، پی ایس ڈی پی کا حجم 4 فیصد ہے، 40 فیصد صوبائی نوعیت کے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے پاس ترقیاتی فنڈز کی کمی ہے، اپنے وسائل کے اندر رہ کر منصوبے مکمل کرتے ہیں، وفاقی حکومت کے کل محاصل 10 ہزار ارب ہیں قرضوں کی ادائیگی کا حجم بھی 10 ہزار ارب ہے، یہ محاصل قرضے ادا کرنے کیلئے استعمال ہوتے ہیں، تنخواہوں سمیت دیگر امور کیلئے قرضہ لینا پڑتا ہے، حکومت نے ٹیکس محصولات اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی میں اضافے اور اخراجات کی کمی پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 11

سکول پر دھماکا تعلیم دشمنی کا ثبوت ہے، دہشتگرد ایسے حملوں سے قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ بلوچستان کے ضلع مستونگ میں گرلز ہائی اسکول پر بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے وزیراعظم نے دھماکے میں بچوں اور پولیس اہلکار کی شہادت پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کیا، شہباز شریف نے شہداء کی بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ذمہ داران کی نشاندہی کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی اور زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کا حکم دیا ہے۔ شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشتگردوں کا سکول پر دھماکا بلوچستان میں انکی تعلیم دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے، دہشتگرد ایسے بزدلانہ حملوں سے ہماری قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، ایسے حملے حکومت کے بلوچستان میں تعلیم وترقی کے فروغ کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے۔ وزیراعظم نے مزید کہا ہے کہ دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، ملک وقوم کی خاطر قربانیاں دینے والے پولیس افسران وجوانوں پر پوری قوم کو فخر ہے۔ ادھر قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی نے بھی مستونگ میں بم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے بچوں اور پولیس اہلکار کے جاں بحق ہونے پر دلی رنج و افسوس کا اظہار کیا ہے۔ دہشتگرد عناصر انسانیت کے دشمن ہیں، ہماری پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کے لئے اپنی سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والوں اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔ قائم مقام صدر نے اپنے بیان میں مزید کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کا جڑ سے خاتمہ کرنے کیلئے پرعزم ہیں، دکھ کی گھڑی میں دھماکے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دوسری جانب وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بھی مستونگ میں سول ہسپتال چوک کے قریب دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بچوں اور پولیس اہلکار کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہداء کے خاندانوں سے دلی ہمدردی واظہار تعزیت کرتے ہیں، معصوم بچوں کو نشانہ بنانے کے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ محسن نقوی نے کہا ہے کہ بچوں کو نشانہ بنا کر بربریت کا مظاہرہ کیا گیا، معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنے بیان میں مزید کہا ہے کہ شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں، زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 12

ہوا ہے جس کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق اور 30 زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق جاں بحق افراد میں 5 اسکول کے بچے، 1 پولیس اہلکار اور 1 راہ گیر شامل ہے جبکہ زخمیوں میں بھی زیادہ تر اسکول کے بچے شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق اور زخمی ہونے والے بچوں کی عمریں 10 سے 13 سال کے درمیان ہیں، ریموٹ کنٹرول دھماکا خیز مواد موٹر سائیکل میں نصب تھا۔ بم دھماکے میں زخمی ہونے والوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ دھماکے سے 1 پولیس موبائل بھی تباہ ہوئی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکے میں پولیس موبائل کو نشانہ بنایا گیا تھا تاہم اسکول کی وین بھی دھماکے کی زد میں آ گئی جس کے نتیجے میں اسکول کے 3 بچے اور ایک پولیس اہلکار موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا۔ بم دھماکے میں چوک پر موجود دیگر گاڑیوں اور رکشوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ دھماکے کی آواز قریبی علاقوں میں بھی سنی گئی جس کے بعد پولیس اور ریسکیو کا عملہ جائے وقوع پر پہنچ گیا تھا۔ حکومتِ بلوچستان نے مستونگ میں اسکول کے قریب بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے صوبائی محکمہ داخلہ سے رپورٹ طلب کر لی۔ ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند کے مطابق ضلعی انتظامیہ، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور سیکیورٹی فورسز موقع پر موجود ہیں، دھماکے کی نوعیت کا تعین کیا جا رہا ہے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ واقعے کی جگہ سے شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں، اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور طبی عملے کو طلب کر لیا گیا ہے۔ دوسری جانب وزیرِ اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے شہید پولیس اہلکار اور بچوں کے ورثاء سے اظہارِ افسوس کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں نے مزدوروں کے ساتھ اب معصوم بچوں کو نشانہ بنایا، معصوم بچوں اور بے گناہ افراد کے خون کا حساب لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ شہری آبادی میں مقامی افراد کو بھی دہشت گردوں پر نظر رکھنی ہوگی، مل جل کر ہی دہشت گردی کے عفریت کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ زخمیوں کو ڈی ایچ کیو اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں دھماکے کے 3 زخمی دورانِ علاج دم توڑ گئے جس کے بعد اموات کی تعداد 7 ہوگئی، جاں بحق ہونے والوں میں 5 اسکول کے بچے، ایک پولیس اہلکار اور ایک راہگیر شامل ہے۔ پولیس حکام کا بتانا ہے کہ بم دھماکے میں چوک پر موجود پولیس موبائل مکمل طور پر تباہ ہوگئی جبکہ دیگر گاڑیوں اور رکشوں کو بھی نقصان پہنچا۔ ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے مستونگ میں اسکول کے قریب بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ داخلہ بلوچستان سے واقعہ سے متعلق رپورٹ طلب کر لی ہے۔ ترجمان صوبائی حکومت کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ، بم ڈسپوزل اسکواڈ اور سکیورٹی فورسز موقع پر موجود ہیں، دھماکے کی نوعیت کا تعین کیا جارہا ہے۔ شاہد رند کا بتانا ہے کہ واقعے کی جگہ سے شواہد اکٹھے کیے جا رہے ہیں، اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کرکے ڈاکٹرز اور طبی عملے کو طلب کر لیا گیا ہے۔ ترجمان محکمہ صحت بلوچستان کا کہنا ہے کہ مستونگ دھماکے کے پیش نظر کوئٹہ کے سول اسپتال، بولان میڈیکل کمپلیکس اسپتال اور ٹراما سینٹر میں ایمرجنسی نافذ کردی گئی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 13

دہشتگردی ترمیمی بل کو قائمہ کمیٹی کے حوالے کر دیا۔ ترمیمی بل کے مطابق آرمڈ، سول آرمڈ فورسز کو دہشتگرد سرگرمیوں میں ملوث فرد کو گرفتار کرنے کا اختیار دیا جائے گا، دہشتگرد سرگرمیوں میں ملوث شخص کو تین ماہ کی تحویل میں لیا جاسکے گا۔ بل کے متن میں کہا گیا ہے کہ قابل گرفت معلومات اور وجوہات کی بنا پر کسی بھی فرد کو تین ماہ کی تحویل میں لیا جائے گا، گرفتار شخص پر الزامات کی تحقیقات کے لئے اعلیٰ سطحی مشترکہ تحقیقاتی ٹیم بنائی جائے گی۔ ترمیمی بل کے مطابق جے آئی ٹی میں سپرنٹنڈنٹ پولیس افسر، انٹیلی جنس حکام، سول آرمڈ فورسز اور دوسری فورسز کے نمائندگان شامل ہوں گے، ترمیمی ایکٹ کو منظوری سے دو سال تک نافذ العمل تصور کیا جائے گا۔ ترمیمی بل کے اغراض ومقاصد کے مطابق 2014 میں بھی یہ ترمیم منظور کی گئی تھی جس کی مدت 2016 میں اختتام پذیر ہوئی۔

بقیہ — بقیہ جات — 14

گئے۔ کنسٹرکشن میٹریل کے 77 مقدمات درج ہوئے اور 87 ملزمان گرفتار ہوئے۔ فصلوں کی باقیات جلانے پر 17 مقدمات درج ہوئے جس کے بعد پولیس نے 17 ملزمان گرفتار کرلیے۔ ٹائرز، پلاسٹک، شاپنگ بیگز جلانے پر 25 مقدمات درج کر کے 25 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ فیکٹریوں اور کارخانوں کے خلاف 49 مقدمات درج کر کے 49 ملزمان گرفتار ہوئے۔ کوڑے کو آگ لگانے پر 21 مقدمات درج، 23 کو ملزمان گرفتار کیا گیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ انسداد اسموگ سے متعلق جاری حکومتی ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزیوں پر متعلقہ محکموں کی بھرپور معاونت کی جارہی ہے۔ سی سی پی او لاہور کی فضائی آلودگی میں ملوث ملزمان کے خلاف کریک ڈاؤن مزید تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ بلال صدیق کمیانہ نے مزید کہا کہ اسموگ کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔ انہوں نے ٹریفک پولیس کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ دھواں چھوڑنے والی ٹرانسپورٹ کے خلاف سخت کریک ڈاؤن یقینی بنائے۔

بقیہ — بقیہ جات — 15

ریلوے اسٹیشن پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے، ایس پی صدر ڈاکٹر غیور اختر نے پنڈال اور ریلوے اسٹیشن پر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، نماز جمعہ کی ادائیگی کیلئے شہر اور گردونواح سے ہزاروں لوگ پنڈال پہنچے، نماز جمعہ کی ادائیگی سے دو گھنٹے قبل وضو گاہوں پر شدید رش، خطبہ جمعہ کے دوران پنڈال میں مکمل سناٹا چھا گیا، نماز جمعہ میں امت مسلمہ کے لئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں، نماز جمعہ کے بعد بیانات کا سلسلہ جاری رہا، بلوچستان اور ملتان سے آنے والے ہزاروں افراد نے اپنی زندگیاں دعوت وتبلیغ کیلئے وقف کرنے کا اعلان کیا، شرکائے اجتماع آج ہفتہ کے روز مزید دعوت وتبلیغ میں وقت لگانے کا عزم کریں گے، اجتماع گاہ کے اردگرد سینکڑوں حفاظ اکرام سورۃ یاسین کی تلاوت کرتے رہے، شرکاء کتب خانوں سے اسلامی تعلیمات کی کتب خریدنے میں مصروف رہے، پنڈال کے باہر قائم عارضی بازار میں لنڈا فروشوں کی چاندی، سوہن حلوہ اور مشہور جاوا ریوڑی کے سٹالوں پر رش رہا۔

بقیہ — بقیہ جات — 16

۔ان کا مزید کہنا تھا کہ حکومت پی آئی اے کی نجکاری میں ناکامی کا غصہ عوام پر نہ اتارے۔

بقیہ — بقیہ جات — 17

حیدر شاہ کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق اجلاس میں جعلی نمبر پلیٹ اور کالے شیشوں والی گاڑیوں پر کارروائی کی ہدایت کی گئی۔ چیف سیکریٹری نے محکمہ داخلہ کو اس حوالے سے میڈیا میں آگاہی مہم چلانے کی ہدایت کر دی جبکہ کمیونٹی سرویلنس بڑھانے کے لیے محلے کی سطح پر کمیونٹی واچ گروپ بنانے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ امن وامان کی بہتری کے لیے اسسٹنٹ کمشنرز کی زیر نگرانی کمیونٹی واچ گروپ بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ آصف حیدر شاہ نے کہا ہے کہ عوامی تحفظ یقینی بنانے کے لیے قانون نافذ کرنے والے تمام ادارے متحرک ہوں۔

بقیہ — بقیہ جات — 18

امیر مقام نے گلگت بلتستان کے غیور عوام کو 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک منفرد اعزاز ہے کہ گلگت بلتستان کے لوگ اپنے وطن کی آزادی کا دن دو بار مناتے ہیں، ایک 14 اگست کے دن اور دوسرا یکم نومبر کو، اس دن کو گلگت بلتستان کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل سمجھا جاتا ہے جب اس خطے کے لوگوں نے اپنی آزادی حاصل کی اور پاکستان کے ساتھ شامل ہوئے۔ وفاقی وزیر امور کشمیر وگلگت بلتستان وسیفران انجینئر امیر مقام نے یکم نومبر گلگت بلتستان کے یوم آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ اس خوشی کے موقع پر مقبوضہ جموں وکشمیر اور فلسطین کے ان بہن بھائیوں کو بھی یاد کرتے ہیں، غیور کشمیر کے باسی سات دہائیوں سے حق خودارادیت کیلئے برسرپیکار ہیں

بقیہ — بقیہ جات — 19

کو گرفتار کرلیا، ملزمان نے لڑکی سے زیادتی کا اعتراف کرلیا۔ علاوہ ازیں سندھ ہائیکورٹ نے بچی سے زیادتی کے مقدمے میں ملزم اسکول ہیڈ ماسٹر کی ضمانت مسترد کردی، ضمانت مسترد ہونے پر ملزم عدالت سے فرار ہوگیا۔ مواچھ گوٹھ میں 10 سالہ بچی سے زیادتی کے مقدمے کی سماعت سندھ ہائی کورٹ میں ہوئی۔ عدالت نے ملزم اسکول ہیڈ ماسٹر محمد حنیف کی ضمانت مسترد کردی جس پر ملزم عدالت سے فرار ہوگیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 20

1122 کے 46، پولیس کے 25 اور بلدیہ کے 13 اہلکار شامل ہیں۔ ان افراد کو اسلام آباد میں سنگجانی ٹول پلازہ کے قریب پولیس وین پر حملے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا۔

بقیہ — بقیہ جات — 21

کی۔ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے عائشہ خالد، شاہینہ شہاب و دیگر وکلاء عدالت پیش ہوئے۔ بانی کی توشہ خانہ ٹو کیس میں ضمانت کی درخواست پر عدالت نے درخواستگزار کے وکیل سے استفسار کیا کہ یہ کیا ہے؟ اور اس پر تو رجسٹرار آفس کے اعتراضات ہیں۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے درخواستگزار کے وکیل سے مکالمہ کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ آپ نے کہا ہے کہ رولز آف کنسٹیٹیوشن ہے مگر یہ تو مرد ہے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے بشریٰ بی بی ضمانت کا حوالہ دیتے ہوئے کہا وہ تو عورت تھی تو تب ضمانت بنی۔ کل ہی ایک ایسی درخواست انہوں نے خارج کردی۔ رجسٹرار آفس کا اعتراض ہے وکالت نامہ جولائی کا ہے اور کاز آف ایکشن نومبر کا ہے۔ عدالت نے رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کرتے ہوئے درخواست کو پیر کو مقرر کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ — بقیہ جات — 22

کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ ڈاکٹرز نے چیک اپ کے بعد اسپتال میں صدر آصف علی زرداری کے پاؤں پر 4 ہفتے کے لیے پلاستر کر دیا ہے۔ صدر زرداری اسپتال سے گھر منتقل ہو گئے ہیں، ڈاکٹرز نے انہیں مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 23

کو ون اسٹیپ پروموشن اور ایک ماہ کی تنخواہ دینے کا اعلان کیا۔ وزیرِ اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے 42 ریسکیو اہلکاروں کو سی ایم ہاؤس بلایا تھا جس میں فائر فائٹرز، ڈرائیورز، میڈیکل ٹیکنیشنز اور دیگر عملہ شامل تھا۔ ڈی جی ریسکیو 1122 محمد ایاز خان نے جیو نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ نے رہا ہونے والے ریسکیو اہلکاروں کی ون اسٹیپ پروموشن اور ایک ماہ کی اضافی تنخواہ دینے کا اعلان کیا۔ محمد ایاز خان نے کہا کہ ریسکیو کے 6 اہلکار اب بھی قید ہیں، وزیرِ اعلیٰ علی امین گنڈاپور کے مشکور ہیں کہ ریسکیو اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ نے ریسکیو اہلکاروں کے الاؤنسز بڑھانے اور ریٹائرمنٹ عمر 50 سے 60 سال کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 24

(کیو بی اے) کے وفد نے دوحہ میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی، وفد میں قطر کی سرکردہ کاروباری شخصیات شامل تھیں، وفد میں معیشت کے بااثر شعبوں کے نمائندگان بھی شامل تھے۔ المنا گروپ کے وائس چیئرمین اور سی ای او سعود بن عمر بن حمد المنا، منائی کارپوریشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر خالد احمد المنائی، چیئرمین ایم ای این اے اور ڈوئچے بینک کے چیف کنٹری آفیسر صلاح محمد جیدہ، منصور جاسم الثانی گروپ کے چیئرمین شیخ منصور بن جاسم الثانی، بلیوسیلون کے سی ای او نبیل ابو عیسیٰ اور ڈائریکٹر سینڈین گروپ یوسف ابراہیم الحمود بھی وزیراعظم سے ملاقات کرنے والے وفد کا حصہ تھے۔ ملاقات میں تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی شراکت داری کو مضبوط بنانے کے لئے مشترکہ اہداف کی نشاندہی پر زور دیا گیا جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے قطری کاروباری رہنماؤں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی باضابطہ دعوت دی۔ وزیراعظم نے پاکستان کی سرمایہ کاری کے لیے پرکشش مقام کی حیثیت سے توانائی، انفرااسٹرکچر اور دیگر اہم اقتصادی پراجیکٹس کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر روشنی ڈالی۔ وفد نے پاکستان کے اقتصادی منظرنامے اور بالخصوص توانائی، ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے آئندہ منصوبوں میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران پاک قطر اقتصادی تعلقات اور اس حوالے سے مزید ممکنہ تعاون کا جائزہ لیا گیا جو دونوں ممالک میں روزگار کی تخلیق، اختراعات اور پائیدار ترقی کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ وفد نے وزیراعظم کی دعوت کا مثبت جواب دیا اور پاکستان کے توانائی اور انفرااسٹرکچر کے شعبوں میں اپنی سرمایہ کاری کو بڑھانے میں گہری دلچسپی دکھائی، وزیراعظم اور قطری وفد نے اقتصادی استحکام اور ترقی کو تقویت دینے کے لیے دوطرفہ تعاون کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 25

2 رہنماؤں کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔ جمعہ کو اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت اسلام آباد کے جج طاہر عباس سپرا نے سینیٹ ہال میں اسلحہ لے جانے پر بی این پی مینگل کے رہنماؤں اختر حسین اور شفیع محمد کے خلاف کیس کی سماعت کی جس سلسلے میں انہیں دو روز کا جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے کے بعد عدالت میں پیش کیا۔ سماعت کے دوران تفتیشی افسر کی جانب سے اسلحہ برآمدگی کیلئے مزید ریمانڈ مانگنے پر عدالت نے سوال کیا کہ گزشتہ 2 روزہ ریمانڈ میں کیا کیا؟ کون سا اسلحہ برآمد کرانا ہے؟ کسی نے بیان دیا؟ جج طاہر عباس سپرا نے سوال کیا کہ سینیٹ ہاؤس کی سکیورٹی کا سربراہ کون ہے؟ سکیورٹی سے پوچھنا چاہیے کوئی کارروائی ہوئی؟ میں اور آپ تو ایسے سینیٹ نہیں جاسکتے، اگر مسلح لوگ اندر گئے تو اس کی ذمہ دار سینیٹ سکیورٹی ہے۔ بعد ازاں عدالت نے مزید دو روز کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے اختر حسین اور شفیع محمد کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 26

دن تک بند رہی۔ جمعہ کو علی محمد خان نے قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جب تک پارلیمنٹ میرا اور تیرا لیڈر کا فرق رکھے گی تو بے توقیر رہے گی، وزرائے اعظم کیساتھ زیادتی کا رونا رویا جاتا ہے کیا بانی پی ٹی آئی وزیر اعظم نہیں رہے؟ پی ٹی آئی رہنما نے موجودہ حکومت کیلئے سوال اٹھایا کہ آپ کے دور میں یہ سب کچھ نہیں ہو رہا کیا؟ آپ اس کا جواب دیں، بانی پی ٹی آئی کے کمرے کی بجلی 5 دن بند رکھی گئی، انہیں جائے نماز پر سجدے کی جگہ تک نظر نہیں آتی تھی۔ علی محمد خان نے کہا کہ میں کسی سے رحم کی اپیل نہیں کر رہا، ملک کو آگے لے کر جانا ہے تو بانی پی ٹی آئی کو باہر لانا ہوگا۔

بقیہ — بقیہ جات — 27

گے جس سے نچلی عدالتوں میں مقدمہ دوبارہ شروع ہوجائے۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل کا کہنا تھا کہ عدالت تحریری حکمنامے میں ہمیں متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کی ہدایت جاری کردے۔ جسٹس شاہد بلال حسن نے ریمارکس دیے کہ ہمارے لکھے بغیر بھی متعلقہ فورم سے رجوع کر سکتے ہیں جس کے بعد عدالت نے آبزرویشن دینے کی استدعا مسترد کردی۔

بقیہ — بقیہ جات — 28

علی زرداری کے پاؤں میں دبئی ایئرپورٹ پر جہاز سے اترتے ہوئے فریکچر ہو گیا تھا۔ ایوانِ صدر کے مطابق اس موقع پر صدر آصف علی زرداری کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا تھا جہاں ڈاکٹرز نے چیک اپ کے بعد ان کے پاؤں پر 4 ہفتے کے لیے پلاسٹر کر دیا ہے۔ صدر زرداری اسپتال سے گھر منتقل ہو گئے ہیں، ڈاکٹرز نے انہیں مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 29

ہوئے کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو کیا شوق تھا کہ وہ آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا الیکشن لڑتے۔ انہوں نے کہا کہ ذلفی بخاری نے اپنی شہرت کیلئے بانی پی ٹی آئی کو الیکشن لڑا دیا، ذلفی بخاری کا خیال ہے آکسفورڈ یونیورسٹی کا چانسلر بننا بہت بڑی چیز ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ جیل میں قید بانی پی ٹی آئی کو بلاوجہ اس میں پھنسا دیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 30

ان خیالات کا اظہار ناروے اوورسیز پاکستانی گل شیر اور سرفراز نے گزشتہ روز سیالکوٹ میں ویٹرن کرکٹرز کی ایک میٹنگ میں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرکٹ ایک مہنگا کھیل ہے جسکی وجہ سے متوسط اور غریب گھرانوں کے بچے پریکٹس اور اچھی کرکٹ سے محروم رہ جاتے ہیں جسکی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں صلاحیتوں سے بھرپور ٹیلنٹ ضائع ہوکر رہ جاتا ہے۔ انہوں نے میٹنگ میں موجود چیئرمین ویٹرن کرکٹ ایسوسی ایشن حاجی ذاکر مرزا، جنرل سیکریٹری ذیشان خان اور ممبر ندیم کپی بٹ کی سربراہی میں سیالکوٹ میں قائم کرکٹ اکیڈیمز میں داخلے کے خواہش مند ایسے ٹیلنٹڈ بچے جو اخراجات برداشت نہیں کر پاتے انکو ناروے اوورسیز کے نام سے فنڈ جاری کئے جائیں گے تا کہ مستقبل قریب میں پاکستان کو اچھے کرکٹر مل سکیں۔ اس موقع پر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس سپورٹس کمیٹی کے چیئرمین میاں آصف علی نے سلک سکول سسٹم کرکٹ اکیڈیمی میں نہ صرف مستحق بچوں کی ٹریننگ بلکہ تعلیم کیلئے بھی پچاس فیصد ڈسکاؤنٹ کا اعلان کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خرم اورنگزیب شاہ، میاں عمیر اشرف ایڈووکیٹ، شیر افگن شاہ، شہزاد بخاری، شاہی مان بٹ، عمران بٹ، ڈاکٹر شعیب، علی کامران و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے ناروے اوورسیز سرفراز صاحب اور گل شیر کی اس کاوش کو سراہا اور اس نیک اور قومی فریضہ میں اپنی خدمات کو پیش کیا۔ اس موقع پر محمد عابد معصومی، عرفان، رزاق، ملک ندیم، افضل، کوثر، آصف بٹ، کامران شوکت، خرم میر، عاقف، نعیم، اسلم، عباس شاہ و دیگر موجود تھے۔

بقیہ — بقیہ جات — 31

اشرف نے کہا ہے کہ مخلوق خدا کی بھلائی کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے موجودہ کمر توڑ مہنگائی کے دور میں غریب نادار اور سفید پوش گھرانوں کے مریض اور لواحقین علاج معالجے کیلئے پریشانی سے دوچار ہیں لیکن ہم سب کو دکھی انسانیت کی خدمت اور بہتری کیلئے مساوات محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصولوں کو اپنانا چاہیے خدمت خلق سے معاشرے میں نکھار پیدا ہوتا ہے مہنگائی اور بیروزگاری نے عوام سے بنیادی سہولیات کو بھی چھین رکھا ہے دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف نے اسلام میڈیکل کالج میں "ہیموفیلیا بیماری کے متعلق سیمینار" سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ راحیلہ اشرف نے بتایا کہ ہیموفیلیا خون کی جان لیوا بیماری ہے جو والدین سے ننھے بچوں میں منتقل ہوتی ہے اور اس کی علامات کیا ہیں اس سے بچا کیسے جاسکتا ہے۔ احتیاطی تدابیر سے ہیمو فیلیا بیماری سے کیسے بچاجا سکتا ہے، ہیموفیلیا بیماری ہے کیا کس طرح انسانی جسم میں داخل ہوتی ہے۔ انہوں نے ہیموفیلیا مرض کے بڑھتے ہوئے مریضوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام میں ہیموفیلیا بیماری کے متعلق آگاہی نہیں جس کی وجہ سے ان کے بچوں کا علاج ومعالجہ ہونے کی بجائے بہت سارے مریض زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں معمولی نوعیت کے ہیموفیلیا کے ساتھ بچوں کو تب تک کوئی بڑی علامت ظاہر نہیں ہوتی جب تک انہیں کوئی چوٹ نہ لگے، زخم آئے یا کوئی سرجری ہو، ابتدائی علامات عموماً جلد پر بڑے نیل بنتے ہیں یا پھر خون اکٹھا ہوکر جلد کے نیچے گلٹی بنتی ہے ایسا اکثر تب ہی ہوتا ہے جب بچہ چلنا سیکھتا ہے اور اکثر گر کر چوٹ لگوا لیتا ہے۔ عوام میں ہیموفیلیا آگاہی کیلئے مہم شروع کی ہوئی اور اس سلسلہ میں سیمینار بھی منعقد کئے جا رہے ہیں تا کہ عوام میں ہیموفیلیا مرض کے متعلق آگاہی ہو۔

بقیہ — بقیہ جات — 32

سینکڑوں آسامیوں کو ختم کر دیا گیا، گریڈ ایک تا 15 کی 1511 آسامیوں کو ختم کیا گیا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق ادارے کے ہیڈکوارٹر سے جاری سرکلر کر دیا گیا۔ اس سے قبل بھی 2000 آسامیوں کو ختم اور 105 آسامیوں کو متروک قرار دیا جا چکا ہے۔ مجموعی طور پر اب تک ادارے سے 3616 آسامیاں ختم کی جا چکی ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ختم کی جانے والی تمام آسامیاں خالی تھیں اور ان میں سب سے بڑی تعداد پوسٹ مین سکیل 7 کی 500 آسامیاں تھیں۔ میل پیون/ پورٹرز اسکیل 2 کی 458 اور پوسٹل کلرکس اسکیل 9 کی 274 پوسٹیں تھیں۔ ذرائع کے مطابق گریڈ 14 کی 9 آسامیاں، گریڈ 11 میں 4، گریڈ 9 میں 29 اور ٹائم سکیل کلرک کی 30 آسامیوں سمیت دیگر سینکڑوں خالی آسامیاں شامل تھیں جنھیں اب ختم کر دیا گیا ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 33

کو عمران خان کے خلاف تھانہ آرائے بازار میں درج 9 مئی کے مقدمے کی سماعت انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی کے جج امجد علی شاہ نے اڈیالہ جیل میں کی جس دوران عمران خان اور ان کے وکیل عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے دوران عمران خان کے وکیل محمد فیصل ملک نے عدالت کو بتایا کہ تھانہ آرائے بازار میں درج مقدمے میں کل 125 ملزمان نامزد ہیں۔ عمران خان کے وکیل کے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سمیت 102 ملزمان کو چالان کی نقول فراہم کی جا چکی ہیں مگر شاہ محمود قریشی سمیت 23 ملزمان کو چالان کی نقول ابھی تک فراہم نہیں گئیں۔ واضح رہے کہ 9 مئی کو جی ایچ کیو پر حملے کے خلاف مقدمہ تھانہ آرائے بازار میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ — بقیہ جات — 34

کہنا تھا کہ جیل میں قید بانی پی ٹی آئی کو بلاوجہ اس میں پھنسا دیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 35

کو سڑک کے راستے ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل کرنے کا یہ ملکی تاریخ کا پہلا آپریشن ہے۔ طیارے کی منتقلی کے لیے خصوصی ٹرک اور ٹرالی استعمال کی جا رہی ہے۔ شاہین ایئر لائن کے ناکارہ بوئنگ 737 جہاز کی لمبائی 110 فٹ اور وزن 40 ٹن ہے، جس میں 240 لوگوں کے سفر کی گنجائش ہے، اسے 350 فٹ لمبائی کے 10 ویلر ٹریلر پر لوڈ کر کے حیدرآباد منتقل کیا جا رہا ہے۔ طیارے کو حیدرآباد میں سول ایوی ایشن ٹریننگ انسٹیٹیوٹ میں رکھا جائے گا، جہاں اسے فائر فائٹرز کی تربیت کے لیے استعمال کیا جائے گا۔ ڈائریکٹر سول ایوی ایشن سمیر سعید کا کہنا ہے کہ جہاز تربیتی مقاصد کے لیے انسٹیٹیوٹ لایا جا رہا ہے، جہاں فائر فائٹرز کو جہاز میں پھنسے مسافروں کے ہنگامی انخلاء کی تربیت دی جائے گی۔ سول ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ناکارہ طیارے کو ڈس مینٹل کر کے کراچی سے حیدرآباد منتقل کیا جا رہا ہے، طیارے کے ٹائر، پر اور انجن الگ کیے گئے ہیں، جو دوسرے ذریعے سے حیدرآباد لے جائے جائیں گے اور انسٹیٹیوٹ میں انہیں دوبارہ طیارے سے منسلک کر دیا جائے گا۔ طیارے کو گزشتہ رات حیدرآباد پہنچنا تھا تاہم موٹروے پولیس کی جانب سے اس کی منتقلی رات میں روکے جانے کی وجہ سے اب یہ تاخیر سے اپنی منزل پر پہنچے گا۔

بقیہ — بقیہ جات — 36

مستونگ بم دھماکے کے واقعے کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ ملک میں جاری دہشت گردی میں جو عناصر ملوث ہیں، انہیں کیفر کردار تک پہنچانا اداروں کی ذمہ داری ہے۔ ملک میں معاشی عدم استحکام کے ساتھ امن وامان کی بگڑتی صورت حال انتہائی تشویش ناک اور لمحہ فکریہ ہے۔ ادارے سیاست میں مداخلت کرنے اور سیاست دانوں کو کنٹرول کرنے کی بجائے ملک میں قیام امن کے لیے دہشت گردی کا پوری قوت سے راستہ روکیں اور اپنی موجودگی کا ثبوت فراہم کریں۔ اگر ملک میں جاری دہشت گردی کو نہ روکا گیا تو ملک کو ناقابل تلافی نقصان ہوگا جس کی تمام ذمہ داری اداروں پر عائد ہو گی۔

بقیہ — بقیہ جات — 37

بچوں کو نشانہ بنانے کے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، حکومت شہدا کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

بقیہ — بقیہ جات — 38

بات نہیں کریں گے۔ اسد قیصر نے کہا کہ ہم نے کہا کہ کیا ہم بانی پی ٹی آئی سے موسم پر بات کریں گے، یہ ہماری نہیں بلکہ پارلیمنٹ کی توہین کی گئی۔

بقیہ — بقیہ جات — 39

جدوجہد کررہی ہے۔ وطن عزیز میں فرقہ واریت، دہشت گردی کے خاتمے کیلئے محراب ومنبر سے آواز بلند کرنے کی اشد ضرورت ہے ترقی یافتہ پاکستان کیلئے قوم کی تربیت ضروری ہے۔ محبت پاکستان کے جذبے کو فروغ دیکر ہی معاشرے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان کو حاصل کرنے کیلئے لاکھوں انسانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں۔ پاکستان بچانے کیلئے تحریک پاکستان کے شہداء کی قربانیوں کو مشعل راہ بنانا ہوگا۔ پاکستان ایک ملک کی سرزمین کا نام ہی نہیں بلکہ ایک نظریے کا نام ہے جس میں اسلامی تشخص کی بنیاد اور اُس بنیاد پر اسلام کے قلعے کی عمارت کی تعمیر ہوئی۔ جس کے پیچھے بہت سی دعائیں، جذبے، خلوص اور محبتیں چھپی ہوئی ہیں۔ بہت سی ماؤں کے بیٹے، بہنوں کے بھائی، عورتوں کے سہاگ اور بہت سے بچوں کے سر کے سایے اس سر زمین پر قربان ہوئے جن کے خون سے اس سرزمین کی آبیاری ہوئی ہے۔ پاکستان سنی تحریک کے ضلعی صدر جہانگیر قادری نے کہا ہے کہ قیام پاکستان سے لے کر اب تک پاکستان مسائل کا مقابلہ کرتا چلا آ رہا ہے۔ غیر مستحکم حکومتوں کی وجہ سے یہاں نہ جمہوریت مضبوط ہوئی نہ کوئی حکومت مضبوط رہی اور نہ ہی یہاں کوئی واضح اور پائیدار پالیسیاں مرتب ہوئیں جس بنا پر یہ کہا جائے کہ پاکستانی عوام کو کوئی فوائد یا آسودگی میسر آئی ہو۔ ان سب سے قطع نظر پاکستانی قوم پاکستان سے بے لوث محبت کرتی ہے اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار قوم اپنے وطن پر جان قربان کرنے سے کبھی پیچھے نہیں ہٹتی

بقیہ — بقیہ جات — 40

ان کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ قائمقام چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ دہشت گرد صوبہ بلوچستان میں ترقی کے عمل کو روکنا چاہتے ہیں جس میں وہ کسی صورت کامیاب نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی مذہب دہشت گردی کی اجازت نہیں دیتا، دہشت گرد پوری انسانیت کے دشمن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت دہشت گردی کے خلاف پاک فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وہ وقت دور نہیں جب ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے چھٹکارا مل جائے گا۔

بقیہ — بقیہ جات — 41

کا شکار ہو گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت خارجہ اور چینی سفارت خانے نے دورے کی تاریخوں کا اعلان نہیں کیا تھا، البتہ توقع کی جا رہی تھی کہ صدر مملکت 4 نومبر کو چین کے دورے پر روانہ ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق صدر زرداری صحت یاب ہونے کے بعد چین کا دورہ کریں گے۔

بقیہ — بقیہ جات — 42

ترامیم بھی اسی کا تسلسل ہیں جن کے ذریعے عدلیہ کے ہاتھ پاؤں باندھ دیئے گئے ہیں تاکہ عدلیہ کو مفلوج کر کے من مرضی کے فیصلے حاصل کئے جاسکیں۔ پی ٹی آئی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے کھل کر حکمرانوں کے غیر آئینی وغیر جمہوری اقدامات کی مخالفت کی اور 26 ویں آئینی ترامیم کو مسترد کر کے عوامی امنگوں کی ترجمانی کا حق ادا کیا۔ دھاندلی زندہ حکومت کا خاتمہ قریب دیکھ کر حکمران ٹولہ اُلٹے سیدھے بیانات داغ رہا ہے اور جھوٹے پراپیگنڈہ کے ذریعے بانی پی ٹی آئی کی کردار کشی کر کے عوام کو بیوقوف بنانے کی ناکام کوشش کی جا رہی ہے۔ مینڈیٹ چور موجودہ پاکستانی سرکار پی ٹی آئی کی عوامی طاقت سے خائف ہے۔ بانی پی ٹی آئی جیل میں جعلی مقدمات کا ڈٹ کر مقابلہ کر رہے ہیں اور حکمران اتحاد بے بسی و بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر تحریک انصاف کو ختم کرنیکی تدبیریں سوچ رہا ہے۔ حکمران اپنی غلطیوں کے بوجھ تلے دب چکے ہیں' عوام اپنے ووٹ کا وقار بحال کرنے اور مفاد پرست حکمرانوں سے نجات کی خاطر پی ٹی آئی کیساتھ کھڑی ہے

بقیہ — بقیہ جات — 43

پر حملے کی تیاری کر رہا ہے۔ ایک بیان میں آیت اللہ خامنہ ای کے مشیر نے کہا ہے کہ اسرائیل کو ایران پر حملوں کا ایسا دردناک جواب دیا جائے گا کہ اسے پچھتانا پڑے گا، اسے نہ تو بڑھا چڑھا کر پیش کیا جانا چاہئے اور نہ ہی کم سمجھا جانا چاہئے۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران پر حالیہ حملوں کے بعد ایران میں کسی بھی ہدف کو نشانہ بنانا ممکن ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 44

کے خلاف مقدمہ درج ہوا ہے۔ مدعی کی جانب سے ایف آئی آر میں دیئے گئے بیان میں کہا گیا کہ ویڈیو وائرل ہونے سے میری اور خاندان کی ساکھ اور عزت مجروح ہوئی ہے۔ ایس ایس پی آپریشن پشاور کے مطابق ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مار رہے ہیں، ملزمان کو جلد ہر صورت گرفتار کرلیا جائے گا۔

بقیہ — بقیہ جات — 45

سے موٹر سائیکل بھی مکمل طور پر تباہ ہوگئی جب کہ مرنے والے شخص کی لاش کے بھی ٹکڑے ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دھماکے کی آواز قریبی علاقوں میں بھی سنی گئی۔

بقیہ — بقیہ جات — 46

ڈوان کیا جائے، ٹرمینل پر کھڑی بسوں کو چیک کیا جائے اور موٹر وے پولیس بھی گاڑیوں کی فٹنس چیک کرے۔ عدالت نے گرین لاک ڈاؤن پالیسی پر تحفظات کا اظہار کیا اور ریمارکس دیے کہ گرین لاک ڈاون سے ایک علاقے کی آلودگی دوسرے علاقے میں منتقل ہوجائے گی، یہ شاید زیادہ موثر نہ ہو۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ گزشتہ برس ہم نے ہفتے میں دو روز ورک فراہم ہوم، جمعہ ہفتہ سکولز کی بندش اور مارکیٹس کے اوقات کار تبدیل کیے تھے، جبکہ اتوار کو کمرشل سرگرمیاں مکمل بند کیں تھیں، ہمیں دوبارہ ایسے اقدامات کی طرف جانا ہوگا۔ ایل ڈی اے کے وکیل نے رپورٹ میں بتایا کہ لاہور کے 19 انڈر پاسز کے حوالے سے انکوئری رپورٹ مکمل کرلی ہے، انڈر پاسز سے ایل ای ڈی لائٹس چوری ہونے سے روکنے کیلئے پی ایچ اے کو انڈر پاسز کی دیکھ بھال کی ذمہ داری دی گئی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 47

قرار دیا۔ ایس پی انوسٹی گیشن نے بتایا کہ ملزمہ کو شک کی بنیاد پر شامل تفتیش کیا گیا تھا، تاہم میڈیکل رپورٹ بچی کے ساتھ زیادتی کی طرف بھی اشارہ کر رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ابھی لاہور سے فارنزک رپورٹ آنا باقی ہے، واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 48

وقانون پر گہری نظر اور مکمل مہارت رکھتے ہیں ان کا بطور صدر سپریم کورٹ بار انتخاب خوش آئند ہے ہم ان کو اس کامیابی پر اور سپریم کورٹ بار کے دیگر تمام نو منتخب عہدیداران کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اور ہم پر امید ہیں کہ سپریم کورٹ بار کے نو منتخب عہدیداران وکلا برادری کے مسائل کے حل کیلئے بھی موثر کردار ادا کریں گے۔

بقیہ — بقیہ جات — 49

کے موکل 76 سال کے ہیں، انہیں کون سے کیس میں کب گرفتار کیا گیا اور کب ضمانت ملی اُس کی پیپر بک بنائی ہوئی ہے۔ عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا گیا۔ عدالت نے اعظم سواتی کو کمرہ عدالت میں فیملی سے ملنے کی اجازت بھی دے دی گئی، اعظم سواتی کے خلاف ایف آئی آر کی تفصیلات فراہمی کے کیس کی سماعت بھی اسی عدالت میں ہوئی۔ وکیل علی بخاری نے بتایا کہ گزشتہ روز اعظم سواتی کا جسمانی ریمانڈ کالعدم ہوگیا تھا۔ جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے ریمارکس دیئے کہ پہلے کیسز کی تفصیلات دیکھ لیتے ہیں کہ کون کون سے کیس میں ضمانت دائر کی تھی، اعظم سواتی جن کیسز میں گرفتار ہوئے اور ریمانڈ ہوا وہ تفصیل بھی دیکھ لیتے ہیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 50

ان سے متفق ہوں یا نہ ہوں۔ ٹرمپ کے بیان کو مخالف امیدوار کملا ہیرس نے انتہائی جارحانہ قرار دیا اور کہا کہ وہ خواتین کی آزادی اور ذہانت کو ترجیح نہیں دیتے۔ علاوہ ازیں امریکی انتخابی مہم میں کچرے کی آمد ہوگئی امریکی صدر بائیڈن نے حریف امیدوار ٹرمپ کے حامیوں کو کچرا کہا تو ٹرمپ نے کچرے کا ٹرک چلا دیا۔ امریکی صدر جو بائیڈن نے ڈیموکریٹ صدارتی امیدوار کاملا ہیرس کی ریلی میں ری پبلیکن صدارتی امیدوار ٹرمپ کے حامیوں کو کچرا کہہ ڈالا۔ صدر بائیڈن نے پورٹو ریکو میں ایک ریلی سے خطاب میں کہا کہ پورٹو ریکو کے لوگ کچرا نہیں ہیں۔ مجھے کوئی تیرتا ہوا کچرا نظر آتا، اگر ہے تو وہ ٹرمپ کے حامی ہیں۔ بائیڈن کے بیان پر سوشل میڈیا پر شور اٹھا تو وائٹ ہاؤس سے صدر کی حمایت میں بیان جاری کر دیا گیا اور وضاحت کی کہ امریکی صدر نے سب کو نہیں صرف کامیڈین ہنچ کلف کو کچرا کہا تھا۔ ٹرمپ نے بائیڈن پر گرجتے برستے ہوئے کہا کہ میرے حامی کچرا نہیں بلکہ امریکا کا دل اور جان ہیں۔ انہوں نے وسکانسن میں احتجاج کرتے ہوئے کچرے کے ٹرک کو چلایا۔

بقیہ — بقیہ جات — 51

کی حالت ناقابل بیان ہے۔ ان کی تصاویر سے دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ دوران حراست کس کسم پرسی میں رہے۔ ان تصویروں میں اسرائیلی جرائم اور فاقہ کشی کی پالیسی کے واضح اثرات دیکھے جاتے ہیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ قابض فوج روزانہ کی بنیاد پر نہتے فلسطینیوں کی گرفتاری مہمات جاری رکھے ہوئے ہے، جس میں سنگین اور خطرناک خلاف ورزیاں کی جاتی ہیں۔ سات اکتوبر کے بعد مغربی کنارے میں گرفتاری فلسطینیوں کی تعداد 500,11 سے زائد ہو گئی ہے جن میں غزہ کے ہزاروں شہری شامل نہیں ہیں۔ قابض جیلوں میں قیدیوں کی تعداد دس ہزار 100 سے زیادہ ہوگئی اور اس تعداد میں غزہ کے وہ تمام قیدی شامل نہیں جو قابض فوج کے زیر انتظام کیمپوں میں نظر بند ہیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 52

شہداء کی قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، ہم ملک کی حفاظت کیلئے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔ اس کے علاوہ آرمی ہیلی پیڈ میں بھی جشن آزادی کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں اعلیٰ سول و عسکری حکام شریک ہوئے۔ یکم نومبر 1947ء وہ دن جب گلگت بلتستان کو ڈوگرا راج سے آزادی ملی، گلگت بلتستان کے عوام کی جدوجہد کا مقصد پاکستان کے ساتھ الحاق تھا، گلگت اسکاؤٹس اور مقامی جانبازوں نے ڈوگرا راج کے خلاف بغاوت کرتے ہوئے مہاراجہ کے کنٹرول کا خاتمہ کردیا۔ ڈوگرا راج کے خاتمے کے بعد گلگت کی فضاؤں میں پہلی بار پاکستانی پرچم لہرایا گیا، 1948ء میں ایک سال کی جدوجہد کے بعد بلتستان کو ہندوستان کے تسلط سے بھی آزاد کرا لیا گیا، گلگت بلتستان سیاحتی، معاشی اور ثقافتی اعتبار سے بھی اہم مقام ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 53

ہاتھی ہوتا ہے۔ دونوں جماعتوں کے یہ انتخابی نشان کیسے بنے؟ یہ بھی ایک دلچسپ حقیقت ہے۔ دنیا کے سب سے طاقتور ملک کی دو بڑی جماعتیں ریپبلکن اور ڈیموکریٹ کی پہچان گدھا اور ہاتھی ہے اور یہی سب سے بڑی حقیقت ہے۔ 1828 میں صدارتی امیدوار اینڈریو جیکسن کو مخالفین نے گدھا اور احمق کا لقب دیا۔ جیکسن نے نہ صرف اس لقب کو خوش دلی سے قبول کیا، بلکہ اپنے انتخابی پوسٹروں میں گدھے کی تصویر شامل کر لی۔ یوں گدھا ڈیموکریٹ پارٹی کا نشان بن گیا۔ ہاتھی کی کہانی قدرے مختلف ہے۔ ابراہم لنکن جب پہلے ری پبلیکن صدر کے طور پر کامیاب ہوئے، تو اسی دور میں ہاتھی ایک کارٹون کے ذریعے ری پبلیکن کی علامت کے طور پر سامنے آیا۔ امریکا کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے، تو صدور کی تعداد کے لحاظ سے ریپبلکن کا پلڑا بھاری ہے۔ اب تک ریپبلکن کے 18 اور ڈیموکریٹ کے 16 صدور اقتدار سنبھال چکے ہیں۔ اس صدارتی انتخاب میں ڈیموکریٹ امیدوار کاملا ہیرس گدھے کے قدیم انتخابی نشان اور ری پبلیکن امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ ہاتھی کے نشان کے ساتھ اپنی پیشگی فتوحات کے دعوے کر رہے ہیں لیکن جیت کس کی ہوگی۔ اس کے لیے صرف چار روز کا انتظار باقی ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 54

سختی سے جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ پنجاب میں اسموگ کی روک تھام کے لیے گرین لاک ڈاؤن نافذ کیا گیا ہے جس کے تحت خصوصی بچوں کے اسکولوں کو آن لائن کلاسز لینے کی ہدایت کی گئی ہے جب کہ کئی دفاتر کو بھی گھروں سے کام کے احکامات جاری کیے ہیں۔ گرین لاک ڈاؤن والے علاقوں میں تعمیراتی سرگرمیوں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے، ان علاقوں میں موٹر سائیکل رکشوں کے چلنے پر بھی پابندی عائد ہے۔

بقیہ — بقیہ جات — 55

اگر پی ٹی آئی اس قسم کے خواب دیکھ رہی ہے تو ایسے خواب دیکھنے پر کوئی پابندی نہیں، نہ 9 من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی۔ رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ اگر بانی پی ٹی آئی ایک مہینے میں رہا ہو رہے ہیں تو تحریک کی تیاری کس لیے ہے۔ رہنما ن لیگ نے بشریٰ بی بی کی رہائی کے پیچھے ڈیل کا امکان بھی مسترد کر دیا، کہا نہ حکومت، نہ عدلیہ، نہ اسٹیبلشمنٹ سے ڈیل کا امکان ہے، اسٹیبلشمنٹ سے تو پی ٹی آئی کے رابطے بھی نہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے جلد ملک گیر تحریک شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا کہ 26 ویں ترمیم کے ذریعے آئین اور عدلیہ کی آزادی پر حملہ کیا گیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 56

اور سماجی تنظیموں کی جانب سے مختلف تقاریب منعقد کی جائیں گی فیصل آباد میں ٹریفک پولیس کے زیراہتمام تقریب کا اہتمام کیا جائے گا۔ ایک رپورٹ کے مطابق فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں ہر 6 سیکنڈ بعد ایک شخص ٹریفک حادثہ سے متاثر ہونے والوں میں شامل ہوتا ہے پاکستان میں ٹریفک حادثات ہر سال 13 ہزار سے زائد لوگ جاں بحق ہوتے ہیں جبکہ 50 ہزار کے لگ بھگ زخمی اور معذور ہوجاتے ہیں۔ پاکستان میں ٹریفک کے نظام کی مناسب مانیٹرنگ نہ ہونے، اوورلوڈنگ، ان فٹ گاڑیاں اور اناڑی ڈرائیورز قیمتی جانوں کے ضیاع کا سبب بنتے ہیں۔

بقیہ — بقیہ جات — 57

مقررین عوام کو عزیز رشتہ داروں اور جاننے والوں کے حقوق اور ان کے احترام کے متعلق شعور وآگاہی فراہم کریں گے جبکہ معاشرے میں پائی جانے والی عدم برداشت، ظلم و ناانصافی، امتیازی سلوک اور منفی تنقید سے معاشرے پر مرتب ہونے والے منفی اثرات اور مختلف تہذیبوں کے مابین برداشت، رواداری، باہمی گفت وشنید اور احترام آدمیت کے متعلق بھی تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی۔ عالمی یوم برداشت اقوام متحدہ کے زیراہتمام فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں منایا جاتا ہے جس کی منظوری جنرل اسمبلی نے 16 نومبر 1996ء کو دی عالمی یوم برداشت پہلی مرتبہ 2005ء میں منایا گیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 58

چوہدری ایڈووکیٹ نے کہا کہ اٹارنی جنرل نے امید دلائی ہے ہم تو امید ہی کر سکتے ہیں، ہم چاہتے ہیں انتظار حسین پنجوتھا خیریت سے واپس آ جائیں۔ چیف جسٹس اسلام آباد عامر فاروق نے سوال کیا کہ 24 گھنٹے پھر اب سے شروع ہوں گے؟ جس پر اٹارنی جنرل بولے (آج) ہفتہ کو انتظار پنجوتھا واپس آ جائیں گے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے کیس کی سماعت 4 نومبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ — بقیہ جات — 59

موثر نفاذ کے لیے ضروریات کی تفہیم لبنان میں اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان تنازع کے سفارتی حل کی بنیاد ہے۔ بلنکن نے کہا کہ یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہمارے پاس لبنان اور اسرائیل دونوں کی طرف

بقیہ — بقیہ جات

ذہانت کو اپنانا ہوگا، پاکستان کو متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، پاکستان کو معاشی مسائل، بلند افراط زر، بڑھتی آبادی، بے روزگاری، موسمیاتی تبدیلی اور سماجی ناانصافی جیسے مسائل درپیش ہیں، ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بیوروکریسی کو فعال اور تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا، پاکستان کو مستقبل کی سوچ رکھنے والی قوم کے طور پر عالمی سطح پر اجاگر کرنا ہوگا، پالیسیوں کے ثمرات ہر شہری تک پہنچانا ہوں گے، بیوروکریسی پاکستان کے مسائل کے پائیدار حل کیلئے اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مضبوط نیٹ ورک بنائے، سرکاری ملازمین کو مسائل حل کرنے، جدت اپنانے، رہنما بننے کی ضرورت ہے، بیوروکریسی ملک کو موجودہ چیلنجز سے نکالنے میں حکومتوں کی مدد کرے، بیوروکریٹس عوامی خدمت کا رویہ اپنائیں، سرکاری ملازمت کیلئے ہمدردی، عاجزی اور دوسروں کی زندگیاں بہتر بنانے کی حقیقی خواہش کی ضرورت ہوتی ہے، دنیا مسلسل بدل رہی ہے، سرکاری ملازمین کو بھی ارتقاء کی ضرورت ہے، قسول سرٹس علم حاصل کریں، خود کو جدید ترین مہارتوں سے آراستہ کریں، سرکاری ملازمین اخلاقی طرز حکمرانی اپنائیں، عوام کے ساتھ ہمدردی سے پیش آئیں۔ 18ویں ترمیم اور این ایف سی ایوارڈ کے بعد صوبوں کو زیادہ حقوق اور فنڈز دیے گئے، ملک کے بہترین مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے آئین میں ترمیم کرنا پارلیمنٹ کا استحقاق ہے، پاکستان دشمن عناصر بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے خلاف ہیں، دہشتگرد سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری سے روکنے کی دانستہ کوششیں کر رہے ہیں، وزیر اعظم پاکستان کے طور پر آغاز حقوق بلوچستان کا آغاز کیا، عملدرآمد یقینی بنایا، بطور وزیر اعظم میرے دور میں بلوچستان کو زیادہ فنڈز اور رائلٹی دی گئی،

بقیہ — بقیہ جات — 61

کا اہتمام کیا گیا۔ اس ارکو مبارکباد دی۔ سینیٹر دنیش کمار نے قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان، پاکستان مسلم لیگ نون کے پارلیمانی لیڈر سینیٹر عرفان الحق صدیقی اور دیگر ساتھیوں کا شکریہ ادا کیا اور اپنی برادری کے ساتھ پیار اور محبت کے اس عظیم جذبے پر خوشی کا اظہار کیا۔

بقیہ — بقیہ جات — 62

جنہیں حال ہی میں 29-cop کی انٹرنیشنل ایڈوائزری کمیٹی کا رکن منتخب کیا گیا ہے، نے کہا کہ عالمی مہنگائی کے اثرات پاکستان پر بھی پڑے ہیں انہوں نے کہا کہ پاکستان ایک مضبوط لیکن کم وسائل والا ملک ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنیوا ڈونرز کانفرنس میں کئے گئے وعدوں میں سے صرف ایک چوتھائی ہی پورے ہو سکے ہیں۔ تاہم، مقامی کمیونٹیز اور پارٹنرز نے سات سے آٹھ ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے تاکہ متاثرہ علاقوں میں زندگی بحال کی جا سکے۔ ڈاکٹر عابد قیوم سلہری نے کہا کہ COP ایک فیصلہ ساز فورم ہے اور موسمیاتی مالیاتی امداد اسی وقت ممکن ہے جب ٹھوس موسمیاتی منصوبے پیش کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے محدود وسائل موسمیاتی استحکام میں بڑی سرمایہ کاری کی اجازت نہیں دیتے، اور ہم ان چیلنجوں کا سامنا کرنے کیلئے قرضے لینا پڑتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایس ڈی پی آئی اس کانفرنس میں بین الاقوامی اور یو این کے ماہرین کو مدعو کر رہا ہے تاکہ عالمی برادری کو ان کے وعدے یاد دلائے جائیں اور ان پروگرامز پر غور کیا جائے جو موثر ثابت نہیں ہو رہے۔ ان اہم اجلاسوں میں عالمی بینک، آئی ایم ایف اور یو این ڈی پی کے ماہرین کے ساتھ مختلف پروگرامز کے نتائج پر تبادلہ خیال ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ توانائی کے مسائل پر IPPs کے حوالے سے بھی اہم گفتگو ہوگی، جبکہ زراعت کے جدید خیالات، صحت، اور تمباکو کنٹرول جیسے موضوعات بھی زیر بحث آئیں گے۔ نوجوانوں کے مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے نو شناخت شدہ منشیات اور غیر تمباکو والے سگریٹ جیسی مصنوعات پر بھی غور وفکر کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عابد نے صحافیوں کو کانفرنس میں شرکت کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ اس موقع پر ایک میوزیکل نائٹ کا بھی اہتمام کیا گیا ہے، جس میں میڈیا کے نمائندوں اور ان کے خاندانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ یہ ایونٹ 6 نومبر کو پاک چین فرینڈ شپ سینٹر میں منعقد ہوگا۔ قبل ازیں ایس ڈی پی آئی کے ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر شفقت منیر نے بتایا کہ اس بار ایکسپو اور فائر سائیڈ چیٹ بھی منعقد کئے جا رہے ہیں۔ اس کانفرنس میں 40 سے زیادہ سیشنز اور پینلز شامل ہوں گے جن میں پانی، زراعت، صنفی مساوات، موسمیاتی تبدیلی، معیشت، تجارت اور دیگر موضوعات پر مکالمے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا، ایشیا اور یورپ سے محققین عالمی اور مقامی چیلنجز پر بات کریں گے۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث دنیا بھر میں بڑھتی ہوئی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب، طوفان اور دیگر آفات میں تیزی آ رہی ہے۔ عالمی ترقی کے اشاریے موسمیاتی تبدیلی کی بدولت کم ہو رہے ہیں، اور جرمن معیشت بھی زوال کا شکار ہے۔ پاکستان میں 2010 سے 2022 کے سیلابوں تک کا رجحان مختلف رہا ہے۔ پاکستان کے پانچ بڑے شہری مراکز کے کاربن اخراج سے ملک کے مختلف حصے متاثر ہو رہے ہیں۔ ایس ڈی پی آئی کے ڈاکٹر ساجد امین نے کہا کہ یہ پاکستان کی سب سے بڑی پالیسی کانفرنس ہے، جس کا مقصد عوامی مسائل کو پالیسی سازوں کے سامنے لانا ہے۔ ایس ڈی پی آئی کی ایسوسی ایٹ ریسرچ فیلو زینب نعیم نے کہا کہ ایکسپو کا مقصد نجی شعبے کو پائیدار ترقی کے ایجنڈے میں شامل کرنا ہے۔ اس ایکسپو میں مقامی و غیر ملکی کمپنیوں کے ساتھ ساتھ اسٹارٹ اپس اور چھوٹے کاروبار بھی شامل ہیں۔ ایکسپو عوام کے لیے صبح 10 بجے سے رات 8 بجے تک کھلا رہے گا، جس میں تحقیقی مقالات کو بھی سراہا جائے

لاہور ہائیکورٹ کا گرین لاک ڈاؤن پالیسی پر تحفظات کا اظہار

اس سے ایک علاقے کی آلودگی دوسرے علاقے میں منتقل ہوسکتی ہے جس کی وجہ سے یہ پالیسی زیادہ موثر نہیں ہوگی، جسٹس شاہد کریم کے ریمارکس

اسموگ' عدالت کا ورک فرام ہوم، اسکولوں اور کمرشل سرگرمیوں کی بندش کا عندیہ ,لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اسموگ کے تدراک کے حوالے سے دائر درخواستوں پر سماعت کی

لاہور(سٹاف رپورٹر)لاہور ہائیکورٹ نے اسموگ کے پیش نظر ہفتے میں دو روز ورک فرام ہوم، دو روز اسکول بند کرنے اور اتوار کے روز تمام کمرشل سرگرمیاں بند رکھنے کا عندیہ دے دیا۔جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ گزشتہ برس بھی ہم نے اس پالیسی پر عمل کیا تھا، ماحولیاتی کمیشن میٹنگ کر کے فیصلہ کریں۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم نے اسموگ کے تدراک کے حوالے سے دائر درخواستوں پر سماعت کی۔دوران سماعت مختلف محکموں نے رپورٹس جمع کرائیں۔جسٹس شاہد کریم نے ریمارکس دیئے کہ لاہور کے گردونواح میں دھواں چھوڑنے والی ہیوی گاڑیوں پر کریک(باقی صفحہ بقیہ نمبر46)

لاہور:وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ لاہور میں مبینہ زیادتی کیس کے متاثرہ خاندان کو دلاسہ دے رہے ہیں۔

بینک اور کیش وینز ڈکیتیوں کی تحقیقات سی ٹی ڈی کو منتقل کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد پولیس نے پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا پولیس سے رابطہ کیا ہے' پولیس ذرائع

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)بینک اور کیش وینز ڈکیتیوں کی تحقیقات سی ٹی ڈی کو منتقل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔پولیس ذرائع کے مطابق اسلام آباد پولیس نے پنجاب، سندھ اور خیبر پختونخوا پولیس سے رابطہ کیا ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ 28 اکتوبر کو لاہور کے تھانہ رائیونڈ کے علاقے میں بھی اسی طرز کی واردات ہوئی۔پولیس نے بتایا کہ اس سے قبل کراچی میں بھی کیش وین پر ڈکیتی کا واقعہ رونما ہو چکا ہے۔

لاہور:صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بانی پی ٹی آئی کی بہن کے ذلفی بخاری پر الزامات

ذلفی بخاری نے اپنی شہرت کیلئے بانی پی ٹی آئی کو الیکشن لڑا دیا' روبینہ خان برہم

لاہور(سٹاف رپورٹر)بانی پی ٹی آئی کی بہن روبینہ خان نے ذلفی بخاری پر الزامات عائد کردیے۔روبینہ خان کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو کیا شوق تھا کہ وہ آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کا الیکشن لڑتے۔انہوں نے کہا کہ ذلفی بخاری نے اپنی شہرت کیلئے بانی پی ٹی آئی کو الیکشن لڑا دیا۔روبینہ خان کا کہنا تھا کہ ذلفی بخاری کا خیال ہے آکسفورڈ یونیورسٹی کا چانسلر بننا بہت بڑی چیز ہے۔ان کا مزید(باقی صفحہ بقیہ نمبر34)

کراچی سے کل براستہ سڑک بھیجا گیا طیارہ تا حال حیدر آباد نہیں پہنچ سکا

رات گئے مسافر بردار طیارے کی موٹروے کے راستے منتقلی موٹروے پولیس نے روک دی تھی' ترجمان موٹروے

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی سے مسافر بردار طیارے کی سڑک کے راستے حیدر آباد منتقلی کا سلسلہ جاری ہے۔مسافر بردار طیارہ جامشورو پہنچ گیا ہے۔انچارج ٹرانسپورٹ کے مطابق مسافر بردار طیارے کو بغیر کہیں روکے حیدر آباد منتقل کیا جائے گا، رات گئے مسافر بردار طیارے کی موٹروے کے راستے منتقلی موٹروے پولیس نے روک دی تھی۔ترجمان موٹر وے پولیس کے مطابق رات کے اندھیرے میں ایسے آپریشن کی موٹروے پر اجازت نہیں دی جاتی۔ذرائع کے مطابق طیارے(باقی صفحہ بقیہ نمبر35)

لاہور:صوبائی وزیر لائیو سٹاک وزراعت سید عاشق حسین کرمانی بیوہ اور مطلقہ خواتین میں اثاثہ جات کی منتقلی اسکیم کے تحت درخواستوں کی رجسٹریشن کا افتتاح کر رہے ہیں۔

مستونگ بم دھماکہ واقعہ کی پرزور مذمت کرتے ہیں' جے یو آئی لاہور

لاہور(این این آئی)امیر جمعیت علمائے اسلام (ف)سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ،صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ بقیہ نمبر36)

معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں، محسن نقوی کی مستونگ میں دھماکے کی مذمت

اسلام آباد(بیورو رپورٹ)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مستونگ میں سول ہسپتال چوک کے قریب دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچوں کو نشانہ بنا کر بربریت کا مظاہرہ کیا گیا، معصوم بچوں کی زندگیوں سے کھیلنے والے درندے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ جمعہ کو اپنے بیان میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے بچوں اور پولیس اہلکار کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی کا شہدا کے خاندانوں سیدلی ہمدردی و اظہار تعزیت کی۔ انہوں نے کہا کہ معصوم(باقی صفحہ بقیہ نمبر37)

مریم نواز نے بھارتی پنجاب، گنڈاپور نے افغانستان سے بات چیت کا کہا تو شور مچایا گیا، اسد قیصر

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ مریم نواز نے بھارتی پنجاب سے مل کر بات کرنے کی بات کی، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے افغانستان سے بات چیت کا کہا تو شور مچایا گیا۔قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جس طرح مریم نواز نے بات کی اسی طرح علی امین گنڈاپور نے بھی بات کی تھی۔انہوں نے کہا کہ معیار سب کیلئے ایک ہونا چاہیے۔اسد قیصر نے کہا کہ کل ہم اڈیالا جیل گئے لیکن ہماری توہین کی گئی، وہاں پر ہمیں کہا گیا کہ سیاسی (باقی صفحہ بقیہ نمبر38)

بھارت کی ریاست آندھرا پردیش میں پیاز بم پھٹنے سے یک شخص ہلاک اور 6 زخمی

دھماکے سے موٹر سائیکل بھی مکمل طور پر تباہ ہوگئی، مرنے والے شخص کی لاش کے بھی ٹکڑے ہوگئے

آندھرا پردیش(مانیٹرنگ ڈیسک)بھارت کی ریاست آندھرا پردیش میں پیاز بم پھٹنے سے ایک شخص ہلاک اور 6 زخمی ہو گئے۔بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی میڈیا کے مطابق پیاز بم دیوالی کے تہوار کے لیے خاص پٹاخہ سمجھا جاتا ہے۔آندھرا پردیش میں 2 موٹر سائیکل سوار افراد پیاز بم کی کھیپ لے جارہے تھے کہ ایک مقامی مندر کے قریب موٹر سائیکل گڑھے سے ٹکرا گئی۔میڈیا رپورٹس کے مطابق اس دوران پٹاخے موٹر سائیکل سے گر کر پھٹ گئے، دیوالی کے بموں کی کھیپ میں جو دھماکا ہوا اس کی طاقت آئی ای ڈی یا دیسی ساختہ بم کے دھماکے کی تھی۔جس مقام پر پٹاخے موٹر سائیکل سے گرے وہاں گلی میں دیگر 6 افراد بھی کھڑے تھے جو دھماکے کی زد میں آ گئے۔بھارتی میڈیا کے مطابق دھماکے (باقی صفحہ بقیہ نمبر45)

پشاور، خواجہ سرا کی نازیبا ویڈیو وائرل

پہلی مرتبہ پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا

خواجہ سرا کی درخواست پر تھانہ ہشت نگری میں 7 ملزمان کے خلاف مقدمہ درج ہوا

پشاور(سٹاف رپورٹر)پشاور میں خواجہ سرا کی نازیبا ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہونے کے معاملے کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ذرائع کے مطابق خواجہ سرا کیس پر خیبر پختونخوا میں پہلی مرتبہ پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔خواجہ سرا کی درخواست پر تھانہ ہشت نگری میں 7 ملزمان (باقی صفحہ بقیہ نمبر44)

ایرانی سپریم لیڈر نے اسرائیل پر نئے حملے کی تیاری کا حکم دیدیا

اسرائیل کو ایران پر حملوں کا ایسا دردناک جواب دیا جائے گا کہ اسے پچھتانا پڑے گا، آیت اللہ خامنہ ای

تہران(بیورو رپورٹ)امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے اسرائیل پر حملے کی تیاری کا حکم دے دیا ہے۔میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے دعویٰ کیا ہے کہ کارروائی کا حکم اسرائیلی حملوں میں نقصانات کی بریفنگ کے بعد دیا گیا۔امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ اسرائیلی انٹیلی جنس حکام کے مطابق ایران اسرائیل پر ایک اور حملے کی تیاری کر رہا ہے۔ایک اور رپورٹ کے مطابق اسرائیلی انٹیلی جنس اطلاعات سامنے آئی ہیں جس میں کہا گیا ہے کہ 5 نومبر کو امریکی انتخابات سے پہلے ایران، عراقی ملیشیا کے ذریعے ڈرونز اور بیلسٹک میزائلوں سے اسرائیل(باقی صفحہ بقیہ نمبر43)

پاکستان سنی تحریک نفرتوں کو ختم کرنے اور محبتیں بانٹنے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ جہانگیر قادری

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان سنی تحریک کے ضلعی صدر جہانگیر قادری نے کہا ہے کہ پاکستان سنی تحریک نفرتوں کو ختم کرنے اور محبتیں بانٹنے کیلئے عملی (باقی صفحہ بقیہ نمبر39)

قائمقام چیئرمین سینیٹ کی مستونگ میں بم دھماکے کی مذمت

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) قائمقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے صوبہ بلوچستان کے علاقے مستونگ میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔جمعہ کو جاری بیان کے مطابق انہوں نے دھماکے کے نتیجے متعدد قیمتی جانوں کے نقصان پر دلی دکھ وافسوس کا اظہار کیا ہے۔قائمقام چیئرمین سینیٹ نے لواحقین کیساتھ تعزیت کا اظہار کیا اور (باقی صفحہ بقیہ نمبر40)

پیر میں چوٹ کی وجہ سے صدر مملکت آصف علی زرداری کا دورہ چین موخر

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)صدر مملکت آصف علی زرداری کا دورہ چین موخر کردیا گیا۔ذرائع کے مطابق چینی صدر کی دعوت پر صدر آصف علی زرداری کو رواں ماہ چین کے دورے پر جانا تھا۔ذرائع کے مطابق صدر زرداری کے دورہ چین کی حتمی تاریخیں اور شیڈول طے ہورہا تھا تاہم اب ان کے پیر میں چوٹ آنے کے باعث معاملہ التوا(باقی صفحہ بقیہ نمبر41)

لاہور:تبلیغی اجتماع کے پہلے مرحلے میں شرکت کیلئے آئے زائرین پنڈال میں بیٹھ کر بیان سن رہے ہیں۔

اعظم سواتی کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

اعظم سواتی کو کمرہ عدالت میں فیملی سے ملنے کی اجازت بھی دے دی گئی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اعظم سواتی کی حسن ابدال اور اٹک کے دو کیسز میں حفاظتی ضمانت کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔اسلام آباد ہائیکورٹ کی جسٹس ثمن رفعت امتیاز نے سینیٹر اعظم سواتی کی حسن ابدال اور اٹک کے دو کیسز میں حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت کی، وکیل علی بخاری عدالت میں پیش ہوئے۔عدالت نے استفسار کیا کہ اعظم سواتی کی عمر کتنی ہے جس پر وکیل علی بخاری نے جواب دیا کہ ان(باقی صفحہ بقیہ نمبر49)

لاہور:معاون خصوصی وزیر علیٰ پنجاب برائے زکوۃ عشر راشد اقبال نصر اللہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ڈونلڈ ٹرمپ نے خواتین سے متعلق متنازع بیان دے دیا

خواتین کی حفاظت یقینی بناؤں گا، چاہے خواتین مجھ سے متفق ہوں یا نہ ہوں، ٹرمپ

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر)امریکی صدارتی انتخابات کا وقت قریب آ چکا ہے اور الیکشن میں صرف 4 دن باقی رہ گئے ہیں، انتخابی مہم کے دوران سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا خواتین سے متعلق متنازع بیان سامنے آگیا ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے خود کو خواتین کا محافظ قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ خواتین کی حفاظت یقینی بنائیں گے، چاہے خواتین (باقی صفحہ بقیہ نمبر50)

سرائیلی زندانوں سے 25 فلسطینی قیدیوں کو رہا کر دیا گیا

قابض جیلوں میں قیدیوں کی تعداد دس ہزار 100 سے زیادہ ہوگئی

رام اللہ (سٹاف رپورٹر) قابض اسرائیلی حکام نے مغربی کنارے سے تقریباً 25 قیدیوں کو رہا کیا ہے۔ یہ قیدی اپنی سزائیں پوری کر چکے تھے اور انتظامی حراست میں تھے۔ انہیں متعدد جیلوں سے رہا کیا گیا۔ فلسطینی کلب برائے اسیران نے بتایا کہ رہائی پانے والوں میں بیت اکسا قصبے سے تعلق رکھنے والا عبدالرحمٰن زید جو کہ 13 سال تک قابض ریاست کی جیلوں میں قید رہے۔ طولکرم سے تعلق رکھنے والے قیدی معتز طعر 10 سال قید کے بعد رہا ہوئے۔ان قیدیوں میں سے بیشتر(باقی صفحہ بقیہ نمبر51)

مردان، 5 سالہ بچی کے قتل کا الزام چچی گرفتار

مردان(سٹاف رپورٹر)مردان کے سوکے گاؤں میں 5 سال کی بچی کے قتل کے الزام میں چچی کو گرفتار کرلیا گیا۔ایس پی انویسٹی گیشن نثار خان نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ ملزمہ کے اعتراف جرم کے بعد اسے گرفتار کرلیا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ملزمہ نے اعتراف جرم کرتے ہوئے قتل کی وجہ مقتولہ کی والدہ سے جھگڑے کو(باقی صفحہ بقیہ نمبر47)

ایاز صادق کا بلاول بھٹو زرداری سے ٹیلی فونک رابطہ، آصف علی زرداری کی صحت بارے دریافت کیا

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر)سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور ان سے صدر مملکت آصف علی زرداری کی صحت بارے دریافت کیا۔سپیکر قومی اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری کی جلد مکمل صحت یابی کی دعا کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے صدر مملکت اور اپنے والد کیلئے نیک خواہشات پر سپیکر کا شکریہ ادا کیا۔بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ ڈاکٹرز کی طرف سے صدر مملکت کو آرام کا مشورہ دیا گیا ہے۔

میاں رؤف عطاء کا انتخاب وکلا برادری کیلئے نیک شگون ثابت ہوگا' جے یو آئی

لاہور(این این آئی)جمعیت علمائے اسلام (ف) پنجاب کے سیکرٹری جنرل حافظ نصیر احمد احرار نے کہا ہے کہ میاں رؤف عطاء کا انتخاب وکلا برادری کیلئے نیک شگون ثابت ہوگا، امید ہے میاں رؤف عطاء قانون کی حکمرانی اور آئین کی بالادستی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کرینگے۔

اسلام آباد، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر عاطف جمیل بٹ کا ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن ایف ٹین مرکز کے صدارت کیلئے ہونے والے انتخابات میں حصہ لینے کا اعلان،

ایف ٹین مرکز کی آٹو ورکشاپس، آٹو ڈیکوریشن، ٹیلر برادری اور ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس برادری کا عاطف جمیل بٹ کی مکمل حمایت کا اعلان

اسلام آباد(سٹی رپورٹر) اسلام آباد رئیل اسٹیٹ ایجنٹس ایسوسی ایشن کے صدر عاطف جمیل بٹ کا ٹریڈرز ویلفیئر ایسوسی ایشن ایف ٹین مرکز کے صدارت کیلئے ہونے والے انتخابات میں تاجر اتحاد گروپ کے پلیٹ فارم سے حصہ لینے کا اعلان، ایف ٹین مرکز کی آٹو ورکشاپس، آٹو ڈیکوریشن، ٹیلر برادری اور ہوٹلز اینڈ ریسٹورنٹس برادری کا عاطف جمیل بٹ کی مکمل حمایت کا اعلان، اس موقع پر عاطف جمیل بٹ کا کہنا تھا کہ ایف ٹین مرکز کے تمام تاجر تبدیلی کے خواہاں ہیں تاجر اتحاد گروپ ایف ٹین مرکز میں تبدیلی کا نشان ہے، یہی وجہ ہے کہ تمام تاجر جوک در جوک تاجر اتحاد گروپ میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں، ایف ٹین مرکز میں جمود طاری تھا اور تاجروں کی نمائندگی نہیں ہو رہی تھی اور انہیں ووٹ کا حق حاصل نہیں تھا۔ تاجروں کی مشکلات اور مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، منتخب ہونے کے بعد انکی مشکلات اور مسائل کو حل کرانے کی مکمل کوشش کرونگا، اس موقع پر تاجر اتحاد گروپ میں شامل ہونے والے تاجروں اور جنرل سیکرٹری کے امیدوار رانا خالد علی خان، ملک محمد اشرف، ارشد محمود عباسی، اقبال بٹ، ڈاکٹر محمد ارشد و دیگر کا کہنا تھا کہ عاطف جمیل بٹ تبدیلی کا نشان ہیں انہوں نے ایف ٹین کے تاجروں کی آواز کو بلند کیا ہے، جیت انکا مقدر ہے۔

دیوالی کے موقع پر پاکستان کی ہندو برادری کو مبارکباد

آئین پاکستان تمام اقلیتوں کو مزہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ شہنیلہ خانزادہ

پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہندو برادری کا بھی بڑا کردار ہے۔ چیلا رام سونی، سومرداس

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پی پی پی رہنما اور AIM کی سرپرست اعلی شہنیلہ خانزادہ اور چیلا رام سونی، سومرو داس نے دیوالی کے موقع پر پاکستان کی ہندو برادری کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے نیک خواہشات کے پیغام میں انہوں نے کہا کہ دیوالی روشنیوں کا تہوار ہے جو امن خوشحالی اور خوشی کا پیغام ہے۔ پاکستان میں دیوالی کی شاندار تقریبات مزہبی ہم آہنگی، اقلیتوں کے ساتھ ملک میں بہترین سلوک، مزہبی ہم آہنگی، اور رواداری کی عکاس ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیوالی تاریکی پر روشنی کی فتح اور ہندو برادری کا تہوار ہے جسکی ہم سب قدر کرتے ہیں۔ دیوالی کا تہوار منانا ہماری ثقافتی تنوع کی علامت ہے۔ آئین پاکستان تمام اقلیتوں کو مزہبی آزادی کی ضمانت دیتا ہے۔ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں ہندو برادری کا بھی بڑا کردار ہے۔ ہم سب پاکستانی انہیں دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

راولپنڈی، امریکہ سے پاکستان پہنچنے والے تبارک رحمٰن چوہدری میرا اتھن دوڑ کا آغاز کریں گے

3 نومبر سے کیڈٹ کالج حسن ابدال سے کراچی تک 1600 کلومیٹر میراتھن دوڑ کا آغاز ہوگا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) تعلیم سے بدلو زندگی کا مشن لیکر امریکہ سے پاکستان پہنچنے والے تبارک رحمٰن چوہدری 3 نومبر سے کیڈٹ کالج حسن ابدال سے کراچی تک 1600 کلومیٹر میراتھن دوڑ کا آغاز کر کے دنیا کی طویل ترین دوڑ کا اعزاز حاصل کریں گے۔ وزیر اعظم پاکستان، چیف آف آرمی سٹاف، وزیر اعلی پنجاب اور وزیر داخلہ مکمل سیکورٹی اور ہر قسم کی سپورٹ فراہم کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ یہ مطالبہ آل پاکستان پرائیویٹ سکولز مینجمنٹ ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر کاشف ادیب جاودانی، صدر شمالی پنجاب ابرار احمد خان، کرنل رفواد حنیف، محمد توفیق، ملک حفیظ اللہ، عطاء الرحمٰن چوہدری، سید اسد علی، نعیم اشرف، کامران سیف قریشی و دیگر نے تبارک رحمٰن چوہدری کے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ کاشف ادیب جاودانی نے کہا کہ تبارک الرحمٰن فروغ تعلیم کے لیے کوشاں ہیں۔ جن کے ساتھ اپیسما مکمل تعاون کرے گی۔ پوری پاکستانی قوم کو اس سپوت پر ناز ہے کہ جو 7000 بچوں کی تعلیم کے لیے امریکہ سے پاکستان محض اس لیے آیا کہ وہ بچوں کی تعلیم کے لیے کوشش کر سکے۔ ابرار احمد خان نے کہا کہ تبارک الرحمٰن چوہدری اپنا طویل سفر 35 دنوں میں مکمل کرے گا اور اس سے حاصل ہونے والی فنڈنگ براہ راست دی سٹیزن فاؤنڈیشن کے اکاؤنٹ میں جمع ہوگی۔ دی سٹیزن فاؤنڈیشن ملک بھر میں 2 ہزار سے زائد تعلیمی ادارے چلا رہی ہے جن میں غریب، نادار اور مستحق بچے زیر تعلیم ہیں۔ اساتذہ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ تبارک الرحمٰن چوہدری کے مشن کی تکمیل کے لئے حکومت ان کو مکمل سیکورٹی فراہم کرے۔

مظفر گڑھ، محکمہ تعلیم زنانہ ڈپٹی آفس میں مبینہ کرپشن

رشوت اور لوٹ مار کا بازار گرم، میٹرنٹی لیو کے حصول کے لیے ریٹ مقرر

مظفر گڑھ(ڈسٹرکٹ رپورٹر آئیڈیل پاکستان) محکمہ تعلیم زنانہ ڈپٹی آفس میں مبینہ کرپشن، رشوت اور لوٹ مار کا بازار گرم، میٹرنٹی لیو کے حصول کے لیے ریٹ مقرر، تفصیل کے مطابق تحصیل جتوئی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ کے زیر سایہ کلرک مافیا کا راج، زنانہ ٹیچرز خوار، کلرک فیاض نے آفس میں کام کے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں، فیاض کلرک کا آفس شام پانچ بجے حسب ضابطہ لگتا ہے اور معصوم خواتین اساتذہ سے مختلف کاموں کے پیسے بٹورتا ہے جیسا کہ میٹرنٹی لیو، بقایا کے بل، اوایس ڈی کیسز یا پینشن کیسز کی فائل کی تکمیل اور زنانہ ڈپٹی کے دستخط کرانے کے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں، رات گیارہ بجے تک رشوت کا بازار گرم رہتا ہے۔ اس کے علاوہ ہیڈ کلرک جاوید مختلف کیسز پکڑتا ہے خواتین اساتذہ کے شوکاز نکلواتا ہے مظفر گڑھ کے چکر لگوانے کی دھمکیاں دیتا ہے جس سے سادہ لوح خواتین اساتذہ خوف کا شکار ہیں جس سے وہ لٹنے پر مجبور ہیں، اس کارروائی میں اے ای او مرکز جھگی والا بھی ملوث ہے جو ٹیچرز پر اپنے ظالمانہ رویے میں مشہور ہے وہ ایسا ماحول پیدا کرتی ہے جس سے زنانہ ٹیچرز دفتر کا رخ کرتی ہیں اور دفتر میں موجود کلرک مافیا آنہیں لوٹ لیتا ہے، شہریوں محمد بلال، محمد صالح، صابر حسین، محمد اقبال، محمد جمیل، الٰہی بخش، یار محمد اور دیگر نے ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر زنانہ تحصیل جتوئی سے کلرک فیاض اور جاوید کا تبادلہ کیا جائے۔

عارف والا، گورنمنٹ گریجوایٹ کالج عارفوالا کے طلبا کا اعزاز

عارف والا (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ گریجوایٹ کالج عارفوالا کے طالب علموں جن میں جاوید اقبال نے انسداد رشوت ستانی کے موضوع پر صوبائی سطح پر ہونے والے مقابلے میں پنجاب بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ وقار یونس نے انگلش تقریر میں تیسری پوزیشن حاصل کی جس پر سیٹیزن ایکشن موومنٹ کی جانب طلباء کی حوصلہ افزائی کے لئے اعزازی شیلڈز اور سرٹیفکیٹ دینے کی سادہ و پروقار تقریب کا انعقاد صدر سیٹیزن ایکشن موومنٹ محمد ابرار شیخ ایڈوکیٹ کے چیمبر میں منعقد کی گئی سیکرٹری نشر و اشاعت حاجی محمد مشتاق بلوچ۔ تقریب میں سابق صدر بار صفدر علی طور ایڈوکیٹ چوہدری عمیر نذیر ایڈوکیٹ علی گیلانی ایڈوکیٹ نے خصوصی شرکت کی گزشتہ دنوں میں ہونے والے تعلیمی مقابلہ جات میں صوبائی سطح پر پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء کی حوصلہ افزائی کے لیے عارف والا کی سماجی تنظیم سیٹیزن ایکشن موومنٹ کے صدر محمد ابرار شیخ ایڈوکیٹ اور جنرل سیکرٹری ساجد محمود شیخ وائس پریزیڈنٹ شہزاد احمد رتھ ایڈوکیٹ نے ہونہار طلباء کو اعزازی شیڈلز اور سٹفکیٹ دیئے اس موقع پر صفدر علی طور ایڈوکیٹ اور عمیر نذیر ایڈوکیٹ نے مالا پہنائیں۔

بہاول پور، ڈسٹرکٹ پرائس فلسیشن و کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

بہاول پور(بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر بہاول پور ڈاکٹر فرحان فاروق کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس فلسیشن وکنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اشیائے خوردونوش کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پرایم پی اے سعدیہ مظفر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو امیر تیمور، اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر انڈسٹریز زبیر عباسی، خورشید ناظر، اعجاز بخاری اور انجمن تاجران کے نمائندگان موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر بہاول پور نے کہا کہ اشیائے خوردونوش کی مقرر کردہ نرخ پر فروخت کو یقینی بنایا جائے اور نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں کرائے جائیں۔ اجلاس میں دال چنا (باریک) کا نرخ 372/- روپے فی کلوگرام، دال چنا (موٹی) 390/- روپے فی کلو، دال مونگ 360/- روپے فی کلوگرام، دال ماش 470/- روپے فی کلو، دال مسور (موٹی) 258/- روپے فی کلو، چاول باسمتی کچی (نیا) 255/- روپے فی کلو، چاول اری 120/- روپے فی کلو نرخ مقرر کیا گیا۔ اسی طرح چنا سفید (9 ایم ایم) 324/- روپے فی کلو، چنا سفید باریک 270/- روپے فی کلو، بیسن 378/- روپے فی کلو، میدہ و سوجی 110/- روپے فی کلوگرام، روٹی 100 گرام وزن 12/- روپے فی عدد، نان سادہ 120 گرام 20/- روپے فی عدد، گوشت بکرا (مٹن) 1600/- روپے فی کلو، گوشت بڑا (بیف) 800/- روپے فی کلو، دودھ کھلا 150/- روپے فی لیٹر اور دہی 160/- روپے فی کلو مقرر کیا گیا جبکہ ڈبل روٹی 700 گرام 150/- روپے فی عدد، ڈبل روٹی 400 گرام 90/- روپے فی عدد، رس سادہ کا نرخ 480/- روپے فی کلوگرام اور بسکٹ سادہ 850/- روپے فی کلو گرام مقرر کیا گیا۔

اسلام آباد، ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون کی کارروائی

4 افسران و اہلکاروں کو ملازمت سے ڈسمس اور 14 کی عہدوں سے تنزلی کردی

اسلام آباد(ملک عدنان احمد) ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون نے 4 افسران و اہلکاروں کو ملازمت سے ڈسمس اور 14 کی عہدوں سے تنزلی کر دی۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون شہزاد ندیم بخاری نے نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ائیرپورٹ پر تعینات ایف آئی اے امیگریشن عملے سے متعلق کرپشن وسنگین الزامات کی شکایات پر چار افسران و اہلکاروں کو ملازمت سے ڈسمس ،14 کو عہدوں سے تنزلی اور دو معطل کر کے ایڈمن برانچ میں تبدیل کر دیا۔ سنگین الزامات پر جن جن افسران و اہلکاروں کو ڈسمس کیا گیا ان میں اسلام آباد ائیرپورٹ پر تعینات اے ایس آئی عاصم گلزار، ہیڈ کانسٹیبل حبیب احمد، سعید اللہ اور لیڈی کانسٹیبل نمرا شامل ہیں، اسی طرح جن 14 افسران و اہلکاروں کو سنگین الزامات پر عہدوں سے تنزلی کی سزائیں دی گئیں ان مین اے ایس آئی محمد فہیم، عثمان اسلم، طاہر سفیر، شفقات حیدر، وسیم عباس، ہیڈ کانسٹیبل نعیم شہزاد، فیاض الحسن، زیشان بابر، عرفان خان ،اصف خان نیازی، محمد حفیظ، وغیرہ شامل ہیں۔ اسلام آباد ائیرپورٹ ایف آئی اے امیگریشن میں تعینات سب انسپکٹر طلعت نسیم کو کلوز ٹو ایڈمن برانچ جبکہ اے ایس آئی شیخ وسیم جو معطل کر کے ایڈمن برانچ کلوز کیا گیا ہے۔

آپ کریں تو رام لیلا ہم کریں تو کریکٹر ڈھیلا، بیرسٹر سیف

دہشتگردی روکنے کیلئے افغانستان سے رابطہ کرنے کی بات کریں تو غدار، راج کماری سموگ پر بھارت سے رابطہ کریں تو ڈپلومیسی

پشاور(بیو رو رپورٹ) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے سموگ کے حوالے سے بھارت سے رابطے کے بیان پر ردعمل آ گیا۔ اپنے بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ آپ کریں تو رام لیلا ہم کریں تو کریکٹر ڈھیلا، علی امین گنڈاپور دہشتگردی روکنے کیلئے افغانستان سے رابطہ کرنے کی بات کریں تو غدار، جعلی پنجاب حکومت کی راج کماری مریم نواز سموگ پر بھارت سے رابطہ کریں تو ڈپلومیسی۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ بقیہ نمبر62)

کوئٹہ: 678 میں سے 149 اسکول غیر فعال، 25 اساتذہ 2 سال سے غیر حاضر

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے جائزہ اجلاس میں انکشاف

کوئٹہ(بیورو رپورٹ) کوئٹہ میں قائم محکمہ تعلیم کے 678 اسکولوں میں سے 149 اسکولوں کے غیر فعال ہونے اور 25 اساتذہ کا پچھلے 2 سالوں سے مسلسل غیر حاضر رہنے کا انکشاف ہوا ہے۔ اس بات کا انکشاف ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے جائزہ اجلاس میں ہوا۔ اجلاس میں آر ٹی ایس ایم نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ کوئٹہ میں 25 اساتذہ ایسے ہیں جو 2 سال سے مسلسل غیر حاضر ہیں ان کے خلاف کمیٹی بنائی گئی جو کہ جانچ پڑتال کر کے ان 25 اساتذہ کو نوکری سے فارغ کرنے کے احکامات جاری کرے گی۔ اس دوران کوئٹہ میں موجود(باقی صفحہ بقیہ نمبر61)

لاہور:محنت کش ہتھ ریڑھی پر سامان رکھ کرلے جا رہا ہے۔

اجتماع کے باوجود ٹوٹی سڑکوں کی مرمت نہ ہوسکی

رائے ونڈ(این این آئی) محکمہ ہائی وے کی غفلت کے باعث اجتماع کے باوجود ٹوٹی سڑکوں کی مرمت کا کام نہ ہوسکا جس کی وجہ سے زائرین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ تفصیلات کے مطابق رائے ونڈ شہر، تبلیغی مرکز روڈ اور پنڈال کو جانے والی سڑکوں کی تعمیر و مرمت نہ ہونے کے باعث (باقی صفحہ بقیہ نمبر60)

لبنان میں جنگ بندی کیلئے اچھی پیش رفت ہوئی ہے، امریکی وزیر خارجہ

خطے کے میرے حالیہ سفر اور اس وقت جاری کام کی بنیاد پر، ہم نے ان سمجھوتوں پر اچھی پیش رفت کی ہے

واشنگٹن(بیورو رپورٹ)امریکہ کا کہنا ہے کہ لبنان میں جنگ بندی کی جانب 'اچھی پیش رفت' ہوئی ہے۔ امریکی وزیر خارجہ انتونی بلنکن کا کہنا ہے کہ مذاکرات کاروں نے ایک معاہدے کی طرف اچھی پیش رفت کی ہے جس سے لبنان پر اسرائیل کے حملے میں جنگ بندی ہوگی۔ بلنکن نے صحافیوں کو بتایا کہ خطے کے میرے حالیہ سفر اور اس وقت جاری کام کی بنیاد پر، ہم نے ان سمجھوتوں پر اچھی پیش رفت کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 1701 کے(باقی صفحہ بقیہ نمبر59)

بینک دولت پاکستان کے زیراہتمام ویمن انٹرپینورشپ ڈے 19 نومبر کو منایا جائے گا

،اس دن کے منانے کا مقصد ایسی خواتین کی حوصلہ افزائی اور انہیں اعانت فراہم کرنا ہے جو جدت پسند ہیں

لاہور(بیو رو رپورٹ) گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان جمیل احمد کی ہدایت پر 19 نومبر کو بینک دولت پاکستان کے زیراہتمام ویمن انٹرپینورشپ ڈے منایا جائے گا، اس دن کے منانے کا مقصد ایسی خواتین کی حوصلہ افزائی اور انہیں اعانت فراہم کرنا ہے جو جدت پسند ہیں، روزگار کے مواقع پیدا کر رہی ہیں اور معاشی نمو میں اپنا کردار ادا کر رہی ہیں۔ تاہم خواتین کے کلیدی کردار کے باوجود خواتین کے ایک بڑے حصے کو قرضوں اور کاروباری مواقع تک رسائی میں شدید مشکلات اور رکاوٹوں کا سامنا ہے۔ اسٹیٹ بینک اور اس کے شراکت دار چاہتے ہیں کہ مزید خواتین انٹرپینورشپ سے وابستہ ہوں اور آج کے مسابقتی ماحول میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوائیں۔ بینک دولت پاکستان کی تمام شاخوں کے زیراہتمام بینکوں اور نان بینک اداروں کے اعلیٰ حکام اور ورکنگ وومن ایسوسی ایشنوں کے نمائندوں کو معیشت میں خاتون آجرین (entrepreneurs) کے اہم کردار پر نمایاں کارکردگی کے حامل بینکوں کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈز بھی دیے جائیں گے جنہوں نے خاتون قرض گیروں کو (borrowers) قرضے جاری کرنے میں مسلسل اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ خواتین کی قیادت میں چلنے والے کاروباری اداروں کو ایوارڈز دیے جائیں گے۔ اس ضمن میں پورے پاکستان میں(باقی صفحہ بقیہ نمبر63)

PRESIDENT
PRESIDENT
CHIEF GUEST
VICE PRESIDENT

لاہور:صوبائی وزیر صنعت وتجارت پنجاب چوہدری شافع حسین کو لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوزر شاہ و دیگر شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

پاک فوج کے ہیرو کیپٹن محمد سرور شہید کا 114 واں یوم پیدائش 10 نومبر کو منایا جائیگا

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان کا اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر حاصل کرنے والے پاک فوج کے ہیرو کیپٹن محمد سرور شہید کا 114 واں یوم پیدائش 10 نومبر کو منایا جائے گا۔ مختلف شہروں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جن میں کیپٹن سرور شہید کی عظیم قربانی کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا وہ پاک فوج کے وہ شہید تھے جنہیں بعد از(باقی صفحہ بقیہ نمبر66)

سرگودھا پولیس نے 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے پر کالر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا

سرگودھا(سٹاف رپورٹر) سرگودھا پولیس نے 15 پر ڈکیتی کی جھوٹی کال کرنے پر کالر کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ سرگودھا پولیس کی ہیلپ لائن پکار 15 پر شہری قدیر نے ڈکیتی کی اطلاع دی جس پر تھانہ کوٹ مومن پولیس جائے وقوعہ پر بروقت پہنچی تو ڈکیتی کی کال جھوٹی پائی گئی جس پر پولیس نے فوری طور پر کالر کو ٹریس کر کے قدیر کو گرفتار کر لیا اور ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مصروف(باقی صفحہ بقیہ نمبر67)

ہر ترمیم نے اپنے وقت پر ہی انا ہے، چوہدری ارشد جٹ

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے کہا کہ ہر ترمیم نے اپنے وقت پر ہی انا ہے تحریک انصاف پشیمان نہ ہو یہ جمہوری قوتوں کی فتح ہے تمام جیالوں کو جشن پارلیمانی بالادستی کی شاندار کامیابی مبارک ہو چیئرمین بلاول بھٹو نوجوانوں اور عوام پاکستان کے ائیڈیل لیڈر اور امید پاکستان ہے جمہوریت کی بقا اور عوامی حکمرانی کے لیے پیپلز پارٹی کی اعلی قیادت اور جیالوں نے اپنی جانوں کے نذرانے دیے ہیں ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صوبائی نائب صدر چوہدری ارشد جٹ نے جشن پارلیمانی 26 ویں ائینی کی (باقی صفحہ بقیہ نمبر68)

شمالی غزہ میں صحت کی صورتحال خوفناک ہے، عالمی ادارہ صحت

سب سے پہلے ہسپتالوں کی حفاظت اور بین الاقوامی قانون کی پابندی کو یقینی بنایا جائے

جنیوا(سٹاف رپورٹر)ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کے ڈائریکٹر جنرل ٹیڈروس اذانوم گیبریئسس نے کہا ہے کہ شمالی غزہ کی پٹی میں صحت کی صورتحال خوفناک ہے۔'ایکس' پلیٹ فارم پر اپنے اکاؤنٹ پر ایک بلاگ پوسٹ میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ سب سے پہلے ہسپتالوں کی حفاظت کی جائے اور بین الاقوامی قانون کی پابندی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ تنظیم کمال عدوان ہسپتال پر ہونے والے حملے کی مذمت کرتی ہے، جس میں ہسپتال کے عملے کے کچھ ارکان زخمی ہوئے۔ عالمی ادارہ صحت کی جانب سے پیچیدہ مشنوں کے ذریعے فراہم کردہ جان بچانے والے سامان پر (باقی صفحہ بقیہ نمبر64)

طبی عملے کے 178 کارکن شہید، آٹھ ہسپتال تباہ ہوگئے، لبنانی وزارت صحت

لبنان کے خلاف قابض فوج کی جارحیت کی وجہ سے 8 ہسپتالوں کی خدمات ختم ہوگئی ہیں

بیروت (سٹاف رپورٹر) لبنان کے وزیر صحت فراس الابیض نے کہا ہے کہ ان کے ملک نیقابض اسرائیلی فوج کی جارحیت کے آغاز سے لے کر اب تک طبی عملے کے 172 کارکنوں کو شہید کیا ہے۔ الابیض نے مزید کہا کہ لبنان کے خلاف قابض فوج کی جارحیت کی وجہ سے 8 ہسپتالوں کی خدمات ختم ہوگئی ہیں۔ لبنانی وزیر صحت نے تصدیق کی کہ عالمی برادری کی طرف سے ناکامی سے اسرائیل کو سیاسی کور کے علاوہ فوجی حمایت حاصل ہو رہی ہے۔ گذشتہ 23 ستمبر سے قابض فوج نے غزہ میں جنگ کا دائرہ وسیع کر دیا ہے۔ لبنان کے بیشتر علاقوں بہ شمول دار الحکومت بیروت کو بے مثال تشدد اور شدت کے فضائی حملوں میں شامل کیا گیا ہے۔

کراچی، مبینہ پولیس مقابلے میں دو ملزمان ہلاک

فائرنگ کے تبادلے میں ایک اہلکار زخمی ہوا' ڈاکو پولیس اہلکار کو لوٹنے کی کوشش کر رہے تھے، پولیس

کراچی (سٹاف رپورٹر) کراچی کے علاقے نیو گولیمار پوسٹ آفس کے قریب مبینہ پولیس مقابلے میں اسٹریٹ کرائم کے دو ملزمان ہلاک ہوگئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے تبادلے میں ایک اہلکار زخمی ہوا ہے۔ ایس ایس پی سینٹرل کے مطابق ڈاکو پولیس اہلکار کو لوٹنے کی کوشش کر رہے تھے، پولیس کے پہنچنے پر ملزمان نے فائرنگ کی۔ دوسری جانب لانڈھی بابر مارکیٹ میں مبینہ (باقی صفحہ بقیہ نمبر65)

لاہور:شہری دوکان سے خشک میوہ جات خرید رہے ہیں۔

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان جوہری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351